مُسلسل اِشاعت کے 62 سال

شمارہ : 4 جلد: 29

اپریل 2025 شوال المکرم ۱۴۴۶

مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

# ماہنامہ لولاک ملتان

Email:
khatmenubuwwat@ymail.com

## غزوۂ اُحد جنگی حکمتِ عملی اور مُسلمانوں کی تربیت

## بتیسواں سالانہ ختم نبوّت کورس چناب نگر کی رپورٹ



## قادیانیت سے تائب ہو کر مُسلمان ہونے والے اکیس افراد

## رحیم یار خان میں قادیانی عبادت گاہ سے شعائرِ اسلام محفوظ

www.laulak.info, www.amtkn.com, www.emaktaba.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

# لولاک

ملتان

شمارہ: ۴ جلد: ۲۹


## بیاد

| | |
|---|---|
| امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ | مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ |
| مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ | مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ |
| حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ | خواجۂ خواجگان حضرۃ مولانا خان محمد صاحبؒ |
| حضرت مولانا عبدالرحمٰن میانویؒ | فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ |
| شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ | حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ |
| حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ | شیخ الحدیث حضرۃ مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ |
| حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ | پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ |
| حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ | حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندرؒ |
| حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ | حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ |
| حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ | صاحبزادہ طارق محمودؒ |

مولانا محمد اکرم طوفانیؒ


بانی: مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب

زیر سرپرستی: حضرت مولانا سید سلیمان یوسف بنوری صاحب

نگران اعلیٰ: حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری

نگران: حضرت مولانا اللہ وسایا

چیف ایڈیٹر: حضرت مولانا عزیز احمد

حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی

ایڈیٹر: صاحبزادہ حافظ مبشر محمود

مرتب: مولانا عزیز الرحمٰن ثانی

کمپوزنگ: یوسف ہارون


## مجلس منتظمہ

| | |
|---|---|
| مولانا غلام رسول دینپوری | مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی |
| علامہ احمد میاں حمادی | مولانا فقیر اللہ اختر |
| مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن | مولانا محمد طیب فاروقی |
| مولانا قاضی احسان احمد | مولانا محمد اسحاق ساقی |
| مولانا مفتی محمد راشد مدنی | مولانا محمد وسیم اسلم |
| مولانا محمد حسین ناصر | چوہدری محمد اقبال |
| مولانا محمد قاسم رحمانی | مولانا عبدالرزاق |
| مولانا عبدالرشید غازی | مولانا محمد اویس |


ناشر: عزیز احمد مطبع: تشکیل نو پرنٹرز ملتان

مقام اشاعت: جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان



رابطہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

حضوری باغ روڈ، ملتان فون: 0333-8827001, 061-4783486

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## کلمۃ الیوم


| | | |
|---|---|---|
| بتیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ | مولانا اللہ وسایا | 03 |


## مقالات ومضامین


| | | |
|---|---|---|
| صبح عیدو بہار عید (منظوم) | نور محمد انور/ اصغر نثار قریشی | 08 |
| شوال کے چھ روزوں کے فضائل واحکام | مولانا محمد اسلم معاویہ | 09 |
| غزوہ احد......جنگی حکمت عملی اور مسلمانوں کی تربیت | پاک قطر گروپ | 13 |
| خلفاء راشدین اور اہل بیت کرامؓ کے باہمی تعلقات (قسط:2) | علّامہ زمخشری/ مولانا احتشام الحسن | 15 |
| مدرسہ جامعہ عربیہ ختم نبوت چناب نگر کے فضلاء و متخصصین | مولانا عتیق الرحمٰن سیف | 20 |


## شخصیات


| | | |
|---|---|---|
| مجاہد ملت حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ | مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی | 23 |
| آہ! حضرت مولانا حامد الحق حقانی شہید | مولانا محمد وسیم اسلم | 26 |
| آہ! حضرت مولانا مفتی عبدالوحد ایبٹ آباد | مولانا محمد سجاد | 28 |
| آہ! گمنام خادم ختم نبوت بھائی مطیع اللہ شہید | مولانا محمد مسعود خوشابی | 29 |


## ردقادیانیت


| | | |
|---|---|---|
| خرق عادت واقعات اور مرزا غلام احمد قادیانی | مولانا محمد وسیم اسلم | 30 |
| قادیانیت سے تائب ہوکر مسلمان ہونے والے اکیس افراد | مولانا محمد ساجد | 34 |
| رحیم یارخان میں قادیانی عبادت گاہ سے شعائر اسلام محفوظ | ادارہ | 35 |


## متفرقات


| | | |
|---|---|---|
| سالانہ ختم نبوت کانفرنس سرائے نورنگ | مولانا محمد ابراہیم ادھمی | 37 |
| تبصرہ کتب | مولانا عتیق الرحمٰن سیف | 39 |
| جماعتی سرگرمیاں | مولانا محمد وسیم اسلم | 41 |
| بتیسویں ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء کرام | مولانا عتیق الرحمٰن سیف | 45 |
| حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری کا سفر راولپنڈی و چناب نگر | ادارہ | 56 |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلمۃ الیوم

# بتیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ کل پاکستان تحفظ ختم نبوت کورس جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ کا آغاز ۱۹۹۵ء میں ہوا۔ امسال بتیسواں سالانہ تحفظ ختم نبوت کورس ۸؍فروری ۲۰۲۵ء مطابق ۹؍شعبان ۱۴۴۶ھ سے شروع ہوکر ۲۵؍فروری ۲۰۲۵ء مطابق ۲۶؍شعبان ۱۴۴۶ھ کو اختتام پذیر ہوا۔ کل اٹھارہ دن یہ کورس انعقاد پذیر رہا۔

پہلے وفاق المدارس العربیہ کے امتحانات ۲؍شعبان کے لگ بھگ اختتام پذیر ہوجاتے اور ہمیں کورس کے لئے بائیس سے پچیس دن مل جاتے۔ اس دفعہ وفاق المدارس کے امتحان ۷؍شعبان کو مکمل ہوئے تو ختم نبوت کورس کے لئے بجائے بائیس یا پچیس دن کے اٹھارہ دن ملے۔ لیکن الحمدللہ! کم وقت کے باوجود کورس کا نصاب بھی مکمل پڑھایا اور امتحانات کے بھی وقفہ وقفہ سے تین پیپر مکمل ہوئے۔

البتہ بیرون سے مہمان جو تشریف لاتے ہیں ان کی فہرست اس دفعہ مختصر کر دی گئی۔ اللہ رب العزت کے فضل واحسان سے ۸؍فروری صبح آٹھ بجے سے تعلیم کا آغاز ہوا اور ۲۵؍فروری سوا گیارہ بجے تک تعلیم جاری رہی۔ یومیہ قریباً آٹھ گھنٹے اوسطاً تعلیم ہوتی رہی اور رفقاء وشرکاء نے بھرپور مصروفیت کے ساتھ یہ وقت گزارا۔ تمام تر ساتھی شاداں وفرحاں رہے اور ہمہ وقت تعلیمی مصروفیت اور بھرپور مشغولیت تعلیم کے باعث سو فیصد مطمئن رہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے فضل واحسان سے شرکاء کو اپنا وقت بامقصد اور قیمتی بنانے کی توفیق سے سرفراز فرمایا۔

کورس کا آغاز امسال حضرت امیر مرکزیہ حافظ ناصر الدین خاکوانی صاحب کے بیان اور دعا سے ہوا۔ جب سے ہمارے کورس کا آغاز ہوا اختتامی تقریب پر تو حضرت امیر مرکزیہ کی تشریف آوری ہوتی رہی۔ کورس کا آغاز ہی حضرت امیر مرکزیہ سے ہو، یہ پہلی بار ہوا۔ جو نیک فال قرار دیا گیا۔ آپ نے پہلا سبق پڑھایا دعا فرمائی۔ یوں کورس کا آغاز ہوا۔

امسال جن اساتذہ کرام نے سبق پڑھائے ان کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی،

مولانا غلام رسول دین پوری، مولانا محمد راشد مدنی، مولانا عزیز الرحمن ثانی، مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا توصیف احمد، مولانا عتیق الرحمٰن نے باقاعدہ نصاب کے اسباق پڑھائے اور تکمیل نصاب سے ممنون احسان فرمایا۔

جن حضرات کا ایک ہی سبق ہوا ان میں حضرت مولانا مفتی محمد حسن شیخ الحدیث لاہور، حضرت مولانا پیر محب اللہ لورالائی، حضرت مولانا سید احمد بنوری نائب مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی، مولانا محمد شاہد ندیم چناب نگر، مولانا محمد رضوان عزیز عارف والا، مولانا نور محمد ہزاروی، مفتی شاہد مسعود، مولانا محمد عابد خالد سرگودھا، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، جناب مفتی محمد دین ٹلوی شامل تھے۔ آخری سبق ۲۵ رفروری ۲۰۲۵ءکو صبح ساڑھے سات بجے تا ساڑھے آٹھ بجے حضرت مولانا مفتی شہاب الدین پوپلزئی مدظلہم نے پڑھایا۔

کورس کے ابتداء میں دو دن بعد نماز عشاء تو مکمل سبق ہوتا رہا۔ دو دن کے بعد بیس بیس شرکاء کرام، علماء عظام کے ستر گروپ بنا کر ان کے خطابت کورس کا بھی ساتھ ہی آغاز کر دیا گیا اور یہ جان کر قارئین کرام خوشی محسوس کریں گے کہ تمام تر تقاریر صرف موضوعات کے ہی اردگرد رہیں۔ خارجی موضوعات کو بے دخل رکھا گیا۔ مولانا عزیز الرحمن ثانی، مولانا محمد وسیم اسلم اور مولانا توصیف احمد تقاریر و بیانات کے پورے کورس کے دوران نگرانی فرماتے رہے۔ ۲۱ تا ۲۳ رفروری کو تمام گروپس سے ایک ایک کامیاب وممتاز نمائندہ لے کر تینوں دن ۲۳ + ۲۳ + ۲۴ کل ستر (۷۰) حضرات کا تقریری مقابلہ کرایا گیا۔ اس کی نگرانی اور نمبرات لگانے کے فرائض مولانا فقیر اللہ اختر، مولانا عتیق الرحمن، مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا توصیف احمد نے سرانجام دیئے۔ تقریری مقابلہ عمومی کے نگران امسال بھی مولانا فقیر اللہ اختر رہے۔

## تقریری مقابلہ کے پوزیشن ہولڈر طلباء کرام

| نمبر شمار | رول نمبر | نام مع ولدیت | ضلع | پوزیشن |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹۴۱ | عبید الرحمٰن بن عبد العزیز | دیامر | اوّل |
| ۲ | ۸۹۹ | محمد بلال سندھی بن قادر بخش | ٹھٹھہ | دوم |
| ۳ | ۱۰۳۳ | محمد عمر بن محمد منظر | بٹگرام | سوم |

پہلا نصابی تحریری امتحان (حیات سیدنا مسیح ابن مریم علیہما السلام) ۱۳ رفروری کو منعقد ہوا۔

دوسرا تحریری امتحان (عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت وفضیلت) ۱۹ رفروری کو منعقد ہوا۔

تیسرا تحریری امتحان (کذبات ملعون قادیان وابطال قادیانیت) ۲۴ رفروری کو منعقد ہوا۔

امسال امتحانات کے نگران اعلیٰ مولانا غلام رسول دین پوری تھے۔ نگران، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا محمد الیاس الرحمٰن، مولانا شیر عالم، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا صغیر احمد، قاری محمد اصغر اور مولانا عبدالحکیم نعمانی تھے۔ معاونت قاری محمد مدنی، قاری عبیدالرحمٰن، مولانا محمد وقاص، مولانا محمد ثاقب نے کی۔

امسال کل داخلہ تیرہ صد ننانوے حضرات نے لیا۔ الحمدللہ! اتنی بڑی تعداد پورے ملک کے تمام کورسز میں ایک ریکارڈ تعداد تھی۔ باقی کورسز کہیں پندرہ، کہیں پچاس، کہیں دوصد، کہیں چارصد، لیکن مجلس تحفظ ختم نبوت کے اس کورس میں ایک کم چودہ صد تعداد شرکاء۔ جس نے بھی اس منظر کو دیکھا مارے خوشی کے نہال ہوگیا۔ پورے ملک میں اس پر مجلس کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ پہلے امتحان میں تیرہ صد پینسٹھ حضرات۔ دوسرے اور تیسرے امتحان میں تیرہ صد انسٹھ شرکاء نے شرکت کا اعزاز حاصل کیا۔

متذکرہ حضرات مبلغین کرام ومدرسین حضرات نے تینوں پرچوں کے نمبرات لگائے۔

حضرت مولانا غلام رسول دین پوری مدظلہم، مولانا محمد شیر عالم، مولانا محمد وقاص اور مولانا محمد ثاقب نے داخلہ رجسٹر، حاضری رجسٹر اور نتائج کا ریکارڈ اور اسناد کی تیاری میں عرق ریزی سے بھرپور سعی مشکور سے ممنون کیا۔ طعام کی نگرانی پہلے دس دن مولانا محمد اسحاق ساقی نے کی اور بقیہ آٹھ دن کی نگرانی کا فریضہ مولانا عبدالحکیم نعمانی نے انجام دیا۔

اس سال کراچی سے جامعہ معہد الخلیل کے حضرت مولانا محمد سلمان یاسین، جامعہ اشرف المدارس کے حضرت مولانا حسین احمد، پنوں عاقل سے مولانا محمد توصیف اور ان کے رفقاء، لورالائی سے پیر طریقت حضرت مولانا محب اللہ، ملتان سے برادر جناب فیصل اور ان کے رفقاء، سرگودھا سے مولانا نور محمد ہزاروی، پشاور سے مولانا مفتی محمد امجد اور ان کے رفقاء، لاہور سے محترم محمد رضوان نفیس مع احباب، فیصل آباد سے مولانا پیر سید خبیب احمد شاہ، چنیوٹ سے مولانا سیف اللہ خالد ضلعی مسئول وفاق المدارس کی سربراہی میں جماعتی وفود اور مخلصین ومحبین نے شرکت کے اعزاز سے نوازا اور نصرت سے اس کام کے کرنے والوں کے حوصلوں کو مہمیز لگائی۔

جامعہ خیرالمدارس کے تخصص کے نگران واستاذ الحدیث مناظر اسلام مولانا مفتی محمد انور اوکاڑوی، ادارہ دعوت وارشاد چنیوٹ کے مولانا محمد بلال اور دیگر حضرات اہل علم نے بھی گاہے بگاہے تشریف آوری کے اعزاز سے سرفراز فرمایا۔

راولپنڈی سے مولانا محمد طارق معاویہ، کراچی سے حضرت مولانا سید ابرار زمان، کوئٹہ سے مولانا

محمد اویس و مولانا عنایت اللہ، گوجرانوالہ سے مولانا محمد عارف شامی، طلباء کے اپنے اپنے علاقوں سے بسوں، ویگنوں اور کوچوں پر وفود لے کر تشریف لائے۔ ان کے داخلہ اور رہائش ملنے اور تعلیم کے شروع ہونے پر واپس تشریف لے گئے۔ کراچی اور اندرون سندھ سے دو ٹرینوں پاکستان ایکسپریس اور رحمٰن بابا ایکسپریس کے ذریعہ پانچ صد کے قریب شرکاء کورس تشریف لائے۔ فیصل آباد سے ویگنوں اور گاڑیوں کے ذریعہ چناب نگر تشریف لائے۔ کوئٹہ بلوچستان سے ایک سو ساٹھ طلباء تین لگژری کوچوں پر، راولپنڈی سے تین بڑی کوچوں پر ایک سو اسی حضرات شرکاء کا وفد شریک کورس ہوا۔ خیبر پختونخواہ، کرک، مردان، لکی مروت، پشاور، چارسدہ، صوابی، مانسہرہ، ایبٹ آباد، بٹ گرام سے بھی اجتماعی طور پر وفود گاڑیوں پر تشریف لائے۔ الحمدللہ!

امسال کورس کے موقعہ پر مولانا محمد وسیم اسلم، مولانا عبدالحکیم نعمانی، مولانا شرافت علی نے لائبریری کے اندارج کتب کے عمل کو مکمل کیا۔ مولانا خالد عابد طلباء کرام و مہمانان گرامی کو رہائش کی سہولت بہم پہنچانے میں سرگرم عمل رہے۔ مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا توصیف احمد نے پروف ریڈنگ اور تخریج و تحقیق کے کام کو بھی لے کر بھرپور محنت کرتے رہے۔

آخری دو دن تقریب و امتحان کے موقعہ پر مکتبہ کے کام کی بھرپور نگرانی مولانا شیر عالم، مولانا عبدالرشید سیال اور مولانا محمد قاسم نے طلباء کرام کے ہمراہ سرانجام دی۔ امسال چودہ لاکھ روپیہ سے زائد مجلس کی کتب کی کورس کے موقعہ پر فروختگی کا ریکارڈ قائم کیا گیا۔ کئی کتابوں کا پورا اسٹاک فروخت ہوگیا۔

امسال چودہ صد (ایک کم) کا داخلہ لینے والے حضرات میں سے تیرہ صد انسٹھ حضرات کو فی کس ایک ہزار روپیہ کے حساب سے تیرہ لاکھ انسٹھ ہزار روپیہ کا نقد وظیفہ تقسیم کیا گیا۔ مجموعی طور پر شرکاء کے اعتبار سے رقم دیکھی جائے تو وقیع رقم کا وظیفہ تقسیم ہوا۔ لیکن کراچی، کوئٹہ، پشاور، گلگت ملک کے طول و عرض سے تشریف لانے والے حضرات کے سفر کرایہ کو سامنے رکھا جائے تو ایک ہزار روپیہ وظیفہ کی حیثیت اونٹ کے منہ میں زیرہ سے بھی کم ہے۔ وظیفہ کے تقسیم کے عمل کے نگران مولانا عزیز الرحمٰن ثانی تھے۔ وظیفہ تقسیم کرنے والے حضرات میں مولانا فقیر اللہ اختر، مولانا محمد الیاس الرحمٰن، مولانا عتیق الرحمٰن اور قاری محمد اصغر شامل تھے۔

امسال کورس کے شرکاء کو (۱) مقدمہ بہاولپور (تین جلدیں)، (۲) قادیانیت کے خلاف اعلیٰ عدالتوں کے تاریخی فیصلے (دو جلدیں)، (۳) ختم نبوت کورس، (۴) ائمہ تلبیس، (۵) سوانح سیدہ فاطمۃ الزہراؓ، (۶) قادیانیت کے خلاف فیصلہ کن مناظرے، (۷) تعاقب قادیانیت، (۸) قادیانیت ایک مطالعہ و تجزیہ، (۹) قادیانی شبہات کے جوابات، (۱۰) ایک ہفتہ شیخ الہند کے دیس میں، ان دس کتب میں سے پانچ پانچ، سات سات کتب کا سیٹ حضرات شرکاء کو پیش کیا گیا۔

## اختتامی تقریب

۲۵؍فروری ۲۰۲۵ء کو صبح ساڑھے سات بجے اختتامی تقریب حضرت مولانا مفتی شہاب الدین پوپلزئی مدظلہم کے مبارک بیان اور آخری سبق سے شروع ہوئی۔

اجلاس کے مہمان خصوصی حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہم تھے۔ تقریب کے صدر مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب، تقریب کے نقیب مولانا عزیز الرحمٰن ثانی اور مولانا عتیق الرحمٰن تھے۔

(۱) مولانا عبدالبصیر حقانی پشاور، (۲) حضرت مولانا سہیل پشاور، (۳) حضرت مولانا قاری محمد صدیق توحیدی لاہور، (۴) حضرت مولانا عبداللہ عثمانی پشاور، (۵) مولانا صدیق احمد پشاور، (۶) مولانا مفتی امجد علی خلیل پشاور، (۷) مولانا تاج محمد اظہر پشاور، (۸) محترم عبدالقدیر لاہور، (۹) محمد خالد لاہور، (۱۰) مولانا محمد قمر لاہور، (۱۱) مولانا محمد مہتاب لاہور، (۱۲) مولانا محمد اقبال لاہور، (۱۳) مولانا نجم الدین امیر عالمی مجلس بٹگرام، (۱۴) مفتی نظام الدین ناظم شعبہ نشر واشاعت بٹگرام، (۱۵) مفتی شاہ خالد امیر یونین کونسل بٹگرام، (۱۶) مولانا ابوہریرہ بٹگرام، (۱۷) حافظ نعیم اللہ سرائی بٹگرام، (۱۸) محترم جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، (۱۹) پروفیسر عمر تلہ گنگ، (۲۰) حضرت مولانا سیف اللہ خالد جامعہ امدادیہ چنیوٹ، (۲۱) حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، (۲۲) حضرت مولانا فقیر اللہ اختر، (۲۳) جناب راحت نیازی مسلم کالونی چناب نگر، (۲۴) جناب محمد نعیم فیصل آباد، (۲۵) جناب محمد امجد فیصل آباد، (۲۶) جناب عمران پاشا فیصل آباد، (۲۷) پیر رضوان نفیس لاہور، (۲۸) جناب رانا امان اللہ چناب نگر کے ہاتھوں شرکاء کورس کو انعامی کتب دی گئیں۔

## تحریری امتحان میں پوزیشن ہولڈر حضرات

| نمبر شمار | رول نمبر | نام مع ولدیت | ضلع | پوزیشن |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۰۵ | عنایت اللہ بن عبدالمالک | کوئٹہ | اوّل |
| ۲ | ۱۰۰۳ | احمد جاوید بن محمد جاوید | مظفر گڑھ | دوم |
| ۳ | ۱۲۱۳ | محمد واعظ بن طارق محمود | کراچی | سوم |

ان حضرات کو مرکزی ناظم اعلیٰ یادگار اسلاف حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری، صاحبزادہ مولانا خلیل احمد، مولانا محمد مفتی شہاب الدین پوپلزئی، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا غلام رسول دین پوری نے انعامی کتب سے سرفراز فرمایا۔

# صبح عید

جناب حافظ نور محمد انور

عید کا دن ہے مسرت کے خزانوں کی کلید
روزہ داروں کو مبارک ہو طلوع صبح عید
ہر طرف پھیلے نہ کیوں کر شادمانی کی ضیاء
ابر رحمت آج سب دنیا پہ ہے چھایا ہوا
خیر مقدم جس مسلمان نے کیا رمضان کا
اس پہ لطف خاص سمجھو ہو گیا رحمان کا
تیس دن پابند روزہ جو رہے ہیں نیک نام
ان کو دیتے ہیں فرشتے آج بخشش کا پیام
آج ہے ان کے لئے لاریب یہ روز سعید
فیض روزہ سے ہے جن کے دل کی برآئی امید
کر رہے ہیں سب ادا مل کر نماز عید آج
ہو رہی ہے صائموں کو ذات حق کی دید آج
رحمت حق سے جو انور خود رہے محروم ہیں
فی الحقیقت آج وہ ناشاد ہیں مغموم ہیں

# بہار عید

جناب اصغر نثار قریشی

دنیا کو ایک سال سے تھا انتظار عید
دیکھو وہ آگئی ہے عروس بہار عید
نکھری ہوئی فضائیں ہیں مہکی ہوئی ہوا
ہے جنت نگاہ ہر ایک رہ گزار عید
دامن میں بھر کے لائی ہے گل ہائے تہنیت
پھولے نہیں سماتی ہے صبح بہار عید
ہے گوشہ گوشہ فرط مسرت سے کیف ریز
چاروں طرف ہے پھیلا ہوا کاروبار عید
چہروں پہ کھل رہے ہیں شگوفے نشاط کے
کتنی طرب نواز ہے صبح بہار عید
اہل صیام کو ہوں مبارک یہ ساعتیں
سامان انبساط ہوں لیل و نہار عید
خوشیاں برس رہی ہیں در و بام سے نثار
پھیلا ہوا ہے جیسے فسونِ نگار عید

(خدام الدین لاہور ۱۳ جنوری ۱۹۶۷ء ص ۱۶)

# شوال کے چھ روزوں کے فضائل واحکام

مولانا محمد اسلم معاویہ

شوال کو ’’مکرم‘‘ بھی کہا جاتا ہے۔’’مکرم‘‘ کے معنی اکرام والی چیز ہے۔ یہ مہینہ بھی شریعت کی نظر میں کئی طرح سے اکرام وانعام والا ہے۔اس وجہ سے اس مہینہ کوشوال المکرم بھی کہا جاتا ہے۔

عربی لغت میں شوال کے معنی بلند ہونے اوراوپر اٹھنے کے بھی آتے ہیں۔اس کے معنی کا اعتبار کرتے ہوئے بعض حضرات نے فرمایا کہ:’’شوال کے مہینے کی ابتدائی رات اورابتدائی دن میں ایمان والوں کے گناہ ان کے نامہ اعمال سے اللہ تعالیٰ مرتفع (اٹھادیتے) کردیتے ہیں۔اس لئے اس کوشوال کہا جاتا ہے۔‘‘

بعض حضرات نے شوال کا معنی خفت اور ہلکے پن سے کیا ہے۔اس کی وضاحت یوں ہے کہ: ’’رمضان المبارک کے مہینے میں روزے اورنیک اعمال کرنے کی وجہ سے لذات وشہوات سے ہلکا ہوجاتا ہے۔اس وجہ سے شوال کوشوال کہا جاتا ہے۔‘‘

شوال کی پہلی تاریخ کوتمام اہل اسلام’’عیدالفطر‘‘ کی اجتماعی نماز ادا کرتے ہیں۔اس وجہ سے بھی یہ عظیم مہینہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک عظیم اسلامی تہوار اسی مہینہ میں مقرر فرمایا۔

روزہ بہت بڑی عبادت ہے۔ رمضان المبارک کے فرض روزوں کی تکمیل اورعید الفطر سے فراغت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے شوال کے روزوں کی ترغیب دی اوران کے عظیم الشان فضائل بیان فرمائے۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:’’ان رسول اللہ ﷺ قال من صام رمضان ثم اتبعہ ستا من شوال کان کصیام الدہر (مسلم کتاب الصیام ص ۱۱۶۴)

(ترجمہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:’’جس نے رمضان المبارک کے روزے رکھے اوراس کے بعد چھ (نفل) روزے شوال کے مہینے میں رکھ لئے تو (پورے سال کے روزے رکھنے کا اجر ہوگا اور ہمیشہ ایسا کرے گا تو) گویا اس نے ساری عمر روزے رکھے۔‘‘

حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ:’’ان رسول اللہ ﷺ قال صیام شہر رمضان بعشرۃ اشہر وصیام ستۃ ایام من شوال بشہرین فذلك صیام سنۃ

(السنن الکبریٰ لنسائی کتاب الصیام رقم الحدیث ۲۸۷)

(ترجمہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کے مہینہ کے روزے دس مہینوں کے (اجروثواب)

برابر ہیں اور شوال کے چھ دنوں کے روزے دو مہینوں کے (اجر وثواب) برابر ہیں۔ پس یہ (دونوں قسم کے روزے) پورے سال کے روزوں کے برابر ہیں۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ مزید فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: ہر ایک دن دس (روزوں کے ثواب) کے برابر ہے؟ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نعم'' بے شک۔ (المعجم الطبرانی، حدیث ۳۹۰۲)

## نیکی دینے میں قانون الٰہی

سورۂ انعام میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ: ''من جاء بالحسنة فله عشر امثالها '' (انعام:۱۶۰)
جو شخص کوئی نیکی لے کے آئے اس کے لئے اس جیسی دس نیکیوں کا ثواب ہے۔

سورہ قصص میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ: ''من جآء بالحسنة فله خير منها'' (القصص:۸۴)
جو شخص کوئی نیکی لے کر آئے گا تو اس کو اس سے بہتر چیز ملے گی۔

اسی طرح حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ: ''ان ربکم یقول کل حسنة بعشر امثالها الیٰ سبع مأئة'' کہ ہر نیکی کا بدلہ (کم از کم) دس گنا سے سات سو گنا تک (جتنا اللہ رب العزت چاہیں) ہے۔ اجر وثواب دینے میں اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں پر خاص کرم نوازی ہے کہ ہر عمل کا اجر وثواب کم از کم دس گنا مقرر فرمایا ہے۔

رحمت عالم ﷺ نے رمضان المبارک گزرنے کے بعد شوال کے مہینہ میں چھ نفلی روزوں کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ ان کے رکھنے کی ترغیب اور اس کا ثواب عظیم بتلایا ہے۔ رمضان ۲۹ کا ہو تب بھی اللہ تعالیٰ اجر وثواب ۳۰ کا عطاء فرماتے ہیں۔ جب کسی مومن نے رمضان المبارک کے ۳۰ روزے رکھے۔ (عیدالفطر کے دن کو چھوڑ کر) پھر شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ کل ۳۶ روزے ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے کریمانہ قانون کے تحت ایک نیکی کا اجر وثواب دس گنا ہے تو چھتیس کو دس سے ضرب دیں تو ۳۶۰ ہوا اور قمری سال کے عموماً دن ۳۶۰ سے بھی کم ہوتے ہیں۔

پس جس نے رمضان کے روزے رکھنے کے بعد شوال میں چھ روزے رکھے تو وہ بندہ خدا اس قانون کے مطابق ۳۶۰ روزوں کے ثواب کا مستحق ہوگا۔ پس اجر وثواب کے لحاظ سے یہ ایسا ہی ہوا جیسے کوئی بندہ سال کے ۳۶۰ دن مسلسل روزے رکھے۔ اب اگر کوئی شخص اپنی زندگی میں یہی معمول بنالے کہ ہر ماہ رمضان کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو اس خوش بخت کا شمار ساری زندگی روزہ رکھنے والوں میں ہو گا۔ ''اللّٰهم اجعلنا منهم'' اے کریم اللہ! ہمیں بھی ایسے خوش نصیبوں میں شامل ہونے کی توفیق عطاء فرمادیجئے۔ آمین!

## محدثین کی نظر میں شوال کے روزے

محدثین نے لکھا ہے کہ رمضان کے فرض روزے رکھنے کے بعد شوال کے مہینے کے چھ نفلی روزوں کو وہی مقام حاصل ہے جو فرائض کے ساتھ سنت ونفل کو حاصل ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ فرض نمازوں کی کمی وکوتاہی کو سنت ونفل سے پورا کیا جائے گا۔ ایسی ہی رمضان کے روزوں میں جو کمی ہوئی تو اس بے برکتی کو شوال کے روزوں سے پورا کیا جائے گا۔

## شوال کے روزوں کی حکمت

بعض علماء نے لکھا ہے کہ شوال کی یہ عظیم الشان فضیلت اس مہینہ (شوال) کے رمضان کے مہینہ سے ملا ہوا ہونے کی وجہ سے ہے۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ رمضان میں روزے رکھنے کے بعد شوال میں کھانے کی طرف رغبت وشوق زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے روزہ رکھنا نفس پر گراں ہوتا ہے اور جس عمل میں نفس پر مشقت زیادہ ہو اس میں ثواب زیادہ ہوتا ہے۔

## شوال کے روزوں کے احکام

۱...... شوال کے روزوں میں اختیار ہے خواہ شروع میں رکھے، یا درمیان میں، یا آخر میں اور یہ بھی اختیار ہے کہ خواہ مسلسل رکھیں یا متفرق طور پر علیحدہ علیحدہ کسی قسم کی پابندی نہیں ہے۔ البتہ بعض حضرات عید کے بعد لگاتار روزے رکھنے کو افضل کہتے ہیں۔

۲...... شوال کے یہ چھ روزے نفلی ہیں۔ لہٰذا رات سے نیت کرنا ضروری نہیں بلکہ نصف النہار شرعی (زوال سے تقریباً گھنٹہ قبل) سے پہلے پہلے نیت کی جاسکتی ہے۔ بشرطیکہ کچھ کھایا پیا نہ ہو۔

۳...... بعض علماء فرماتے ہیں کہ اگر رمضان المبارک کے قضا روزے کسی کے ذمہ ہوں تو پہلے ان کی ادائیگی کرلے پھر شوال کے روزے رکھے۔

۴...... بعض علماء نے تصریح کی ہے کہ رمضان کے قضا روزے اور شوال کے روزوں کی فضیلت اکٹھی حاصل نہیں کی جاسکتی۔ لہٰذا دونوں روزے الگ الگ رکھنے چاہئیں۔ کیونکہ قضا روزے تو رمضان کے روزوں کی تکمیل ہے اور شوال کے الگ روزے ہیں۔ اگر رمضان کے قضا روزوں کو شوال میں دونوں کو جمع کرے تو چھتیس روزے نہیں ہوں گے بلکہ وہ تو وہی تیس ہوں گے۔ جب کہ حدیث پاک میں شوال کے نفلی روزے رکھنے پر سال بھر کے روزوں کا ثواب بتلایا گیا ہے۔

۵...... اگر عورت شوال کے روزے رکھے تو خاوند سے اجازت لے لے۔

٦...... اگر نفلی روزہ رکھ کر توڑ دیا جائے تو صرف قضا ہے اس پر کفارہ نہیں ہے۔

٧...... شوال کے روزوں کو رمضان المبارک کے روزوں کی طرح ضروری یا رمضان کا حصہ نہ سمجھا جائے بلکہ فضیلت حاصل کرنے کے لئے رکھے جائیں۔

٨...... بعض لوگ شوال کے روزے رکھ کر عید مناتے ہیں اور اسے ''عید ابرار'' کا نام دیتے ہیں۔ اس کا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں ہے۔ (کیونکہ نفلی روزے تو باقی مہینوں میں بھی ہیں) لہٰذا اس کو عید قرار دینا شرعی طور پر درست نہیں ہے۔

## شفاعت واجب کرنے والی دعا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس (مرد وعورت) نے ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا مانگی اس کے لئے میری طرف سے قیامت کے دن شفاعت لازم ہوگی۔

''اللّٰھم اعط سیّدنا محمد الوسیلة واجعله فی المصطفین محبته وفی العال درجته وفی المقربین دارہٗ'' (مجمع الزوائد ١٠/ ١٠٩، رقم الحدیث ١٦٩٨١، اخرجہ الکبیر ٨/ ٧/ ٢٣، رقم ٧٩٢٦)

### مولانا محمد حسین ناصر مبلغ سکھر کو صدمہ

مجلس تحفظ ختم نبوت سکھر کے مبلغ مولانا محمد حسین ناصر کے بڑے بھائی، چوہدری محمد خالد گجر ١٨ رفروری ٢٠٢٥ء کو انتقال کر گئے۔ چوہدری محمد خالد مرحوم عقیدہ ختم نبوت سے بے لوث محبت رکھنے والے انسان تھے، اس بات کا اندازہ آپ کے بھائی مولانا محمد حسین ناصر کے بیان کردہ اس واقعہ سے لگایا جاسکتا ہے۔ مولانا محمد حسین ناصر فرماتے ہیں کہ: ''١٩٩٥ء میں جب ختم نبوت کورس کیا، عقیدہ ختم نبوت اور منکرین ختم نبوت سے متعلق معلومات حاصل کیں تو ان دنوں بڑے بھائی چوہدری محمد خالد گجر اسکول کے کچھ طلباء کے ساتھ کرکٹ میچ کھیلا کرتے تھے، ان کے ساتھ ایک قادیانی مرزائی رحیم بخش بھی کھیلتا تھا، تو میں نے بھائی کو قادیانیوں کے بارے میں ان کے کفریہ عقائد سے آگاہ کیا کہ یہ حضور ﷺ کو اللہ کا آخری نبی نہیں بلکہ مرزا قادیانی کو نبی مانتے ہیں، اور یہ ہمیں کافر سمجھتے ہیں۔ تو اس پر بڑے بھائی چوہدری خالد گجر مرحوم بیلچہ لے کر میدان میں آگئے اور اعلان کیا کہ آج کے بعد کسی نے رحیم بخش مرزائی کو ٹیم میں شامل کیا تو میں یہ پچ اکھاڑ دوں گا اور اس میدان میں کسی کو میچ نہیں کھیلنے دوں گا۔'' یہ مرحوم کی ختم نبوت سے والہانہ محبت کی ایک دلیل ہے۔ مرحوم نے اپنے سوگواران میں دو بیٹے حافظ اور ایک عالم دین چھوڑا ہے جو کہ ان کے لئے صدقہ جاریہ ہے۔ اللہ پاک مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں!

# غزوہ احد ...... جنگی حکمت عملی اور مسلمانوں کی تربیت

ناشر: پاک قطر گروپ

## پس منظر

غزوہ بدر کی ذلت آمیز شکست کا انتقام لینے کے لئے سردارانِ قریش نے مسلمانوں سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا۔ انہوں نے تجارتی قافلے سے حاصل ہونے والے منافع سے جنگ کی بھرپور تیاری کی اور ۵ شوال سن ۳ ہجری میں ابوسفیان کی سربراہی میں قریش کا لشکر مکہ سے روانہ ہوا۔ ان حالات کے پیش نظر مکہ میں موجود حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ایک خط کے ذریعے نبی کریم ﷺ کو اس کی اطلاع دی، آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اس معاملے میں مشورہ کیا تو مہاجرین وانصار کے سرکردہ رہنماؤں اور آپ ﷺ کی ذاتی رائے یہ تھی کہ مدینہ میں ٹھہر کر اپنے دفاع کی حکمت عملی اپنائی جائے، جبکہ غزوہ بدر میں شرکت سے محروم رہ جانے والے نوجوانوں نے مدینے سے باہر نکل کر مقابلہ کرنے پر اصرار کیا، آپ ﷺ نے ان کے ولولے اور جوش کو دیکھتے ہوئے ان کی رائے پر حتمی فیصلہ فرمایا اور ۱۱ رشوال کی شب مدینہ سے کوچ فرما کر مدینہ سے دو میل دور احد پہاڑ کے قریب پڑاؤ ڈالا۔

## اہم واقعات کا خلاصہ

قریش مکہ کا لشکر تین ہزار (۳۰۰۰) اونٹوں، دوسو (۲۰۰) گھوڑوں اور تین ہزار (۳۰۰۰) افراد پر مشتمل تھا، جن میں سے سات سو (۷۰۰) زرہ پوش تھے۔ جبکہ مسلمانوں کا ابتدائی لشکر ایک ہزار افراد اور صرف دو (۲) گھوڑوں پر مشتمل تھا جس میں سے احد کے قریب پہنچ کر منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی اپنے تین سو (۳۰۰) ساتھیوں کو لے کر مدینہ کی طرف واپس ہوگیا، جس کے بعد مسلمانوں کی تعداد صرف سات سو (۷۰۰) رہ گئی۔

۱۱ رشوال کی صبح نماز فجر سے فارغ ہوکر آپ ﷺ نے لشکر کو مرتب فرمایا اور احد پہاڑ کو اپنی پشت پر رکھ کر حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کی امارت میں تیر اندازوں کا ایک دستہ دڑے پر تعینات فرمادیا اور سختی سے تاکید کی کہ ہم غالب ہوں یا مغلوب کسی بھی صورت میں اس جگہ کو نہ چھوڑیں۔ انفرادی مقابلوں کے چیلنج (مبارزے) میں حضرت علیؓ، حمزہؓ، سعد بن ابی وقاصؓ، عاصم بن ثابتؓ، زبیر بن عوامؓ، طلحہؓ اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے قریش کے تقریباً بائیس (۲۲) سرداروں کو جہنم واصل کیا اور پھر جنگ کا آغاز ہوا۔

آپ ﷺ کے محبوب چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے اس جنگ میں بڑی بہادری کا مظاہرہ کیا، وحشی بن حرب نے اپنے آقا سے آزادی کی خاطر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا۔ مسلمانوں کی فتح دیکھ کر تیر اندازوں کے دستے کے مابین درے پر ٹھہرنے کی ضرورت سے متعلق اختلاف ہو گیا، چنانچہ اکثر افراد نے درہ چھوڑ دیا اور کفار کا چھوڑا ہوا مال غنیمت جمع کرنے لگے، خالد بن ولید (جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے) نے درہ کو خالی دیکھ کر پیچھے سے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں درے میں باقی رہ جانے والے حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ اپنے دس ساتھیوں سمیت شہید ہو گئے اور مسلمان دونوں طرف سے دشمنوں میں گھر گئے۔ دوران جنگ یہ افواہ پھیل گئی کہ آپ ﷺ شہید ہو گئے، اس خبر سے مسلمانوں میں غم اور مایوسی چھا گئی اور وقتی طور پر قدم اکھڑ گئے۔

اس جنگ میں نبی کریم ﷺ کے دندان مبارک اور لب مبارک زخمی ہو گئے، سر پر موجود آہنی خود کے دو حلقے رخسار مبارک میں گھس گئے اور پتھر لگنے سے مبارک پیشانی زخمی ہو گئی اور آپ ﷺ گڑھے میں گر گئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور طلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو اس گڑھے سے نکالا۔ اس افراتفری اور زخموں کے باوجود نبی کریم ﷺ نے میدان نہ چھوڑا، چودہ (۱۴) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے ساتھ رہے، جن میں سات (۷) انصاری صحابہ باری باری شہید ہو گئے۔ نبی کریم ﷺ کے حیات ہونے کی خوش خبری سنتے ہی مسلمان دوبارہ جمع ہونا شروع ہوئے اور ایسا حملہ کیا کہ مشرکین بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔

## نتائج و اثرات

اس غزوہ میں اجتہادی خطا کی وجہ سے نبی کریم ﷺ کے حکم کی ظاہری خلاف ورزی پر سخت آزمائش سے گزارا گیا، پہلے فتح ہوئی، پھر ظاہری شکست اور آپ ﷺ کی وفات کی افواہ کے ذریعے مصائب سے پالا پڑا، جس کے ذریعے اس نوزائیدہ اسلامی ریاست کو مستقبل میں پیش آنے والے بہت سے معاملات اور حالات کے لئے تربیت کا سامان مہیا کیا گیا۔

اس غزوہ میں حضرت حمزہ، حنظلہ، مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہم سمیت ستر (۷۰) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے، جبکہ بائیس (۲۲) کفار مارے گئے۔ قرآن کریم میں اجتہادی خطا پر تنبیہ کے بعد درہ چھوڑ دینے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لئے عام معافی کا اعلان کیا گیا اور اس ظاہری شکست پر مسلمانوں کو ان الفاظ میں تسلی دی کہ: ’’ولا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین‘‘ (تم نہ تو کمزور پڑو اور نہ ہی غمگین رہو، اگر تم واقعی مومن رہو تو تم ہی سربلند ہوں گے) (آل عمران: ۱۴۰)

# خلفائے راشدین اور اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کے باہمی تعلقات

قسط نمبر2　　علامہ زمخشریؒ/ مولانا احتشام الحسن کاندھلویؒ

## حضرت علیؓ کی جانب سے حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کی تصدیق اور تصویب

۱۴...... حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا: خدائے پاک کی قسم! رسول اللہ ﷺ کی نہ اچانک وفات ہوئی اور نہ آپ مقتول ہوئے بلکہ آپ چند شب و روز بیمار رہے۔ مؤذن روزانہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا اور نماز کی اطلاع کرتا تھا اور آپ ﷺ اس کو حکم فرماتے کہ ابوبکرؓ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔ آپ ﷺ نے مجھ سے نماز نہیں پڑھوائی۔ حالانکہ میں وہاں موجود ہوتا تھا اور آپ ﷺ کو میری موجودگی کا علم بھی ہوتا تھا۔ اگر رسول اللہ ﷺ کا میرے متعلق کوئی عہد ہوتا تو کسی تمیم زادے اور خطاب زادے کی یہ مجال نہ تھی کہ منبر نبوی پر کھڑا ہو کو خطبہ پڑھ سکے۔ میں بزور شمشیر اس سے جہاد کرتا (اور اپنا حق حاصل کرتا) رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد ہم نے اپنے معاملہ میں غور کیا تو ہماری سمجھ میں یہ آیا کہ نماز اسلام کا ستون اور دین کی اصلی بنیاد ہے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے جس کو ہمارے دین کی امامت کا حکم فرمایا تھا اسی کو ہم نے اپنی دنیوی قیادت کے لئے منتخب کر لیا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اپنا امیر بنالیا۔ جب انہوں نے جہاد کا اعلان کیا، ہم نے ان کے حکم پر جہاد کیا اور جو انہوں نے عطاء کیا اس کو بخوشی قبول کر لیا اور ان کے حکم سے حدود اللہ قائم کیں۔ کبھی کوئی اختلاف نہ ہوا اور باہم ہمیشہ متحد اور متفق رہے۔ مختصر یہ کہ اب کوئی ہمارے متعلق کسی قسم کی برائی اور گمراہی کو نہ پھیلائے۔

(تاریخ الخلفاء باب ۱۸ الخلیفۃ الرابع علیؓ ابن ابی طالب ص ۱۵۸ طبع مکہ، واللّفظ لآخر)

۱۵...... حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جس روز حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بیعت کی گئی۔ حضرت علی المرتضیٰؓ تشریف لائے اور فرمایا: لوگو! جس شخص کو رسول اللہ ﷺ نے آگے بڑھایا ہو، اب کون اس کو پیچھے ہٹا سکتا ہے۔ حضرت سعیدؓ فرماتے ہیں کہ: حضرت علیؓ نے خلافت صدیقؓ کی تائید میں ایسی مستحکم دلیل بیان کی جو کسی کے بھی ذہن میں نہ تھی۔

(المختصر من کتاب الموافقہ بین اہل البیت والصحابہ للزمخشری ص ۲۶، طبع دار الحدیث مصر)

(ف) حضرت علی المرتضیٰؓ کے استدلال کا منشاء یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت ابوبکر صدیقؓ کو نماز کی امامت کے لئے مامور فرمایا تو معلوم ہوا کہ وہ دیگر تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے افضل ہیں اور

افضل کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے کو امیر بنانا درست نہیں۔ لہٰذا حضرت ابوبکرؓ کی موجودگی میں کسی کی امارت جائز نہیں ہوسکتی۔

## حضرت ابوبکرؓ کا فسخ بیعت کا اعلان اور حضرت علیؓ کا انکار

۱۶...... حضرت ابوالحجافؓ سے مروی ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے خلافت کی بیعت کی گئی اور حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے رفقاء سمیت بیعت کرلی تو حضرت ابوبکر صدیقؓ تین مرتبہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: اگر کسی کو ناپسند ہو تو میں تمہاری بیعت فسخ کرتا ہوں۔ ہر دفعہ حضرت علی المرتضیٰؓ سب سے پہلے کھڑے ہوتے اور فرماتے: خدائے پاک کی قسم! نہ ہم آپ سے فسخ بیعت کرتے ہیں اور نہ کبھی اس کی خواہش کریں گے۔ آپ کو رسول اللہ ﷺ نے نماز کی امامت کے لئے آگے بڑھایا ہے۔ اب کون آپ کو پیچھے ہٹا سکتا ہے۔ (فضائل الصحابہ لاحمد بن حنبلؒ ج۱ ص۱۳۱ حدیث۱۰۱ باب مروا ابابکر یصلی باالناس)

## حضرت علیؓ کے فضائل، حضرت ابوبکرؓ کی زبانی

۱۷...... حضرت شعبیؓ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت علیؓ کے چہرہ پر نظر ڈالی اور فرمایا: اگر ایسے شخص کو دیکھنا ہو جو رسول اللہ ﷺ سے قرابت اور مرتبہ میں سب سے زیادہ قریب ہو اور جس نے رسول اللہ ﷺ کی وجہ سے سب سے زیادہ تکالیف برداشت کیں اور جو رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ عزیز اور پیارا ہو تو وہ انہیں دیکھ لے۔ اور حضرت علیؓ کی جانب اشارہ کیا، حضرت علیؓ نے فرمایا: اگرچہ حضرت ابوبکرؓ نے ایسا فرمایا لیکن وہ مخلوق خدا پر سب سے زیادہ شفیق و مہربان ہیں اور عشق الٰہی میں سرد آہ کرنے والے ہیں۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے رفیق غار ہیں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خاطر ہر قسم کی مشقت برداشت کی اور حضور ﷺ پر اپنا جان و مال سب کچھ قربان کردیا۔ آپ اکثر رسول اللہ ﷺ کی جانب سے اپنے مال میں سے خرچ کرتے تھے اور سب سے زیادہ بارگاہ رسالت میں مقرب تھے۔ علی بن قادمؓ فرماتے ہیں: جو شخص صحابہ رضی اللہ عنہم سے اس کے خلاف بیان کرے وہ ہرگز قابل قبول نہیں۔ (کنز العمال ج۱۳ ص۱۱۵،۱۱۶ حدیث ۳۶۳۷۵)

۱۸...... حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا: حضرت علیؓ رسول اللہ ﷺ کے کنبہ میں سے ہیں۔

(سنن الکبریٰ للبیہقی ج۶ ص۳۴۷ باب الصدقۃ فی العترتہ کنز العمال ج۱۳ ص۱۱۵ حدیث ۳۶۳۸۴)

## حضرت ابوبکر صدیقؓ کے فضائل حضرت علیؓ کی زبانی

۱۹...... ابن اذنیہ کہتے ہیں کہ جب میں کوفہ گیا تو حضرت علیؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: امیر المؤمنین! مہاجرینؓ اور انصارؓ کو کیا ہوا جو وہ آپ کو حضرت ابوبکرؓ سے گھٹاتے ہیں۔ حالانکہ آپ سب سے

بڑھے ہوئے ہیں اور بڑے بڑے کارنامے ہیں اور آپ کے مناقب بھی سب سے زیادہ ہیں۔

حضرت علیؓ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے تھے۔ ایک دم سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: اگر تو قریشی ہے تو شاید بنو عائذہ کے کنبہ میں سے ہے اور میرا خیال ہے تو ذوالہ کا رشتہ دار ہے۔ میں نے جواب دیا: ''ہاں'' حضرت علیؓ نے فرمایا: اگر مؤمن حق تعالیٰ کی پناہ میں نہ ہوتا تو میں تجھے ابھی قتل کر دیتا۔ کم بخت! ابوبکرؓ مجھ سے چار باتوں میں بڑھے ہوئے تھے جن کو میں نہیں پا سکا اور نہ ان کے عوض کوئی اور شئے پا سکا۔ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ہجرت اور نماز کی رفاقت اور نماز کی امامت اور اسلام کی اشاعت، ان سب امور میں حضرت ابوبکرؓ مجھ سے سبقت لے گئے۔ حضرت ابوبکرؓ ہمیشہ میرے اور مشرکین کے درمیان حائل رہتے اور سپر کا کام دیتے۔ وہ کھلم کھلا دین کو ظاہر کرتے تھے اور میں اس وقت اپنے دین کو چھپاتا تھا۔ قریش مجھے حقیر سمجھتے تھے اور ان کی عزت کرتے تھے۔

اگر حضرت ابوبکرؓ لشکر کشی اور مرتدین کی سرکوبی سے درگزر کرتے تو ہمیشہ پیچیدگیاں پڑی رہتیں اور لوگ اصحاب طالوت کی طرح بے غیرت و بے حمیّت ہو جاتے۔ حق تعالیٰ ابوبکرؓ پر رحمتیں نازل فرمائے اور ان کو میرا اسلام پہنچائے۔ پھر فرمایا: کوئی شخص مجھے حضرت ابوبکرؓ پر فوقیت نہ دے ورنہ میں اس کو سزا دوں گا اور اس پر مفتری کی حد جاری کروں گا۔ (کنز العمال ج ۱۲ ص ۵۱۴ حدیث ۳۵۶۷۶، بتغییر یسیر)

۲۰...... حضرت محمد بن حنفیہؒ کہتے ہیں کہ میں نے امیر المؤمنین حضرت علیؓ سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے افضل کون ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: بیٹا! حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کے وقت ان کے سواء کسی سے مدد نہیں چاہی۔ رسول اللہ ﷺ اسی رات کو حضرت ابوبکرؓ کے گھر تشریف لے گئے اور میں آپ ﷺ کی چادر مبارک اوڑھ کر لیٹ گیا۔ اس لئے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام رات کے وقت بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کفار آپ ﷺ کے ساتھ دغا اور فریب کر رہے ہیں تاکہ آپ ﷺ کو قید کرلیں یا قتل کر دیں یا شہر بدر کر دیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ چادر اوڑھے ہوئے باہر تشریف لائے۔ جو لوگ برے ارادے سے باہر کھڑے تھے انہوں نے آپ کو دیکھ لیا۔

رسول اللہ ﷺ نے آیت: ''وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون'' (اور ہم نے ان کے سامنے اور پیچھے ایک ایک پردہ ڈال دیا، پس ڈھانک لیا ہم نے ان کو تاکہ وہ دیکھ نہ سکیں) ایک مٹھی خاک پر دم کی اور ان کی طرف پھینک دی جس سے حق تعالیٰ نے ان کو اندھا اور بہرا کر دیا۔ پھر آپ ﷺ حضرت ابوبکرؓ کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: ابوبکرؓ! مجھے ہجرت کا حکم ہو گیا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لے کر مکہ مکرمہ سے ہجرت فرمائی۔ حضرت ابوبکرؓ آپ ﷺ سے آگے آگے چلتے اور زمین سے کانٹوں کو ہٹا کر راستہ صاف کرتے جاتے۔ اسی طرح ایک غار پر پہنچ گئے۔ حضرت

ابوبکرؓ نے چلنے سے پہلے حضرت عائشہؓ کی بہن حضرت اسماءؓ کو کچھ دراہم دے کر فرمایا: ان کا رسول اللہ ﷺ کے لئے کھانا تیار کرلینا اور چونکہ آپ ﷺ کو گوشت مرغوب ہے۔ اس لئے گوشت روٹی پکانا اور اگر کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کی تلاش میں آئے تو کہہ دینا میں عورت ذات ہوں اور اپنے کام میں مشغول ہوں۔ غار پر پہنچ کر حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ذرا ٹھہر جایئے اور خود غار میں جا کر اس کو صاف کیا اور اس خیال سے کوئی موذی چیز حضور ﷺ کو ایذاء نہ پہنچائے جو سوراخ نظر پڑا اس میں انگلی ڈال کر دیکھی، ایک بڑا بھٹ تھا۔ آپ نے اپنا پیر اس میں داخل کردیا جو ران تک اندر چلا گیا پھر باہر نکالا اور عرض کیا: یارسول اللہ! تشریف لایئے میں نے آپ ﷺ کے لئے جگہ صاف کردی اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ آپ ﷺ کے محافظ اور نگہبان ہیں۔ کفار قریش نبی کریم ﷺ کی تاک میں تھے کہ شیطان آیا اور ان سے کہا تم کس کام میں ہو میں بھی تمہارا ساتھی ہوں۔ انہوں نے کہا ہم محمد (ﷺ) کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ یہ کہہ کر وہ سب نبی کریم ﷺ کی آرام گاہ کو دیکھنے لگے تو وہاں آپ ﷺ کی بجائے علی بن ابی طالبؓ کو آپ ﷺ کی چادر اوڑھے ہوئے پایا۔ اس وقت جب رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے، اللہ تعالیٰ نے ان کو بدحواس بنادیا تھا۔ پس علیؓ اور ابوبکرؓ دونوں رسول اللہ ﷺ کے جانثار فدائی ہیں۔

جب قریش نے نبی کریم ﷺ کی چادر میں آپ ﷺ کی جگہ حضرت علیؓ کو پایا تو کہا: آج اس جھوٹے شخص نے ہمیں خوب دھوکا دیا اور اس کا جادو ظاہر ہوگیا۔ (معاذ اللہ) شیطان نے ان سے کہا: محمد (ﷺ) ابھی ابھی باہر چلے گئے اور وہ سب آپ ﷺ کے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے حضرت ابوبکرؓ کے گھر پہنچے۔ وہاں حضرت اسماءؓ گوشت پکا رہی تھیں اور انہوں نے چراغ کو نکال کر باہر رکھ دیا تاکہ سالن کی مہک محسوس نہ ہو۔ وہ سب حضرت اسماءؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور دریافت کیا: کیا تمہیں محمد (ﷺ) کی خبر ہے؟ حضرت اسماءؓ نے جواب دیا: میں عورت ذات ہوں اور اپنے کام میں مشغول ہوں۔ اس پر وہ لوگ وہاں سے چل دیئے اور جستجو کرتے کرتے غار تک پہنچ گئے۔ وہاں حق تعالیٰ نے ان دونوں کے نشانات قدم کو چھپادیا اور ان کو رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے قدموں کے نشانات کا پتہ نہ چلا۔ حتیٰ کہ ایک شخص غار پر بیٹھ کر پیشاب کرنے لگا۔ اس وقت حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان لوگوں نے ہمیں دیکھ لیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! انہوں نے ہمیں نہیں دیکھا۔ اگر دیکھ لیتے تو یہ شخص اس طرح ہمارے سامنے بیٹھ کر پیشاب نہ کرتا۔ پھر وہ لوگ وہاں سے منتشر ہوگئے اور دونوں حضرات نے غار میں رات گزاری۔ حضرت ابوبکرؓ کو ایک سانپ نے کاٹ لیا جس کی وجہ سے انہوں نے یہ رات سخت بے چینی سے بسر کی۔ صبح کو تمام بدن پر ورم تھا اور حالت نازک تھی۔

رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا: ابوبکر! یہ کیا ہوا؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ!

سانپ نے کاٹ لیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم نے اسی وقت مجھے کیوں نہ خبر کی؟ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: آپ ﷺ کی نیند کو خراب کرنا گوارا نہ ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنا دست مبارک ان کے بدن پر پھیرا جس سے ان کی ساری تکلیف جاتی رہی اور بالکل خوش وخرم اور تندرست وتوانا ہوگئے۔ حضرت ابوبکرؓ کے صاحبزادہ حضرت عبداللہؓ حاضر خدمت ہوئے تو حضرت ابوبکرؓ نے اشارہ سے ان کو بلایا اور کہا: بیٹا! اگر کوئی رسول اللہ ﷺ کو تلاش کرتا ہوا آئے تو کہہ دینا مجھے کیا خبر؟ اور چرواہے سے کہنا کہ بکریوں کو ایسی طرح غار پر لائے کہ ہمارا کوئی نشان و پتہ کسی پر ظاہر نہ ہو۔ رسول اللہ ﷺ کے لئے حضرت اسماءؓ دو روٹیاں لے جاتیں۔ انہوں نے اپنی چادر کو پیٹی کی طرح باندھ رکھا تھا جس میں ایک روٹی دائیں جانب اور ایک بائیں جانب چھپا کر لے جاتی تھیں تاکہ کسی کو ان پر شک وشبہ نہ ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے تین روز غار میں قیام فرمایا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے سفر کے لئے دو اونٹوں کا انتظام کر رکھا تھا۔ وہاں اطلاع دی گئی اور حضرت عبداللہؓ ایک راستہ بتانے والا (عامر بن فہیرہؓ کو ساتھ لائے جو حضرت ابوبکرؓ کے خادم اور آزاد کردہ غلام تھے) اور دونوں اونٹ لے کر پہنچ گئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اپنی ذرہ پروا نہ تھی۔ البتہ یہ اندیشہ تھا کہ اگر خدانخواستہ رسول اللہ ﷺ پر دشمنوں نے قابو پالیا تو دین اسلام ختم ہو جائے گا۔ اگرچہ حضرت ابوبکرؓ کو اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ تھا مگر رسول اللہ ﷺ کی طرح کامل یقین حاصل نہ تھا۔ اس اضطراب اور بے چینی کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے ارشاد فرمایا: فکر نہ کرو، خدا ہمارے ساتھ ہے۔ اسی کو حق تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے: ''ثانی اثنین اذھما فی الغار اذیقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا'' دو سرا دو میں سے جس وقت وہ غار میں تھے جس وقت آپ ﷺ اپنے ساتھی سے فرمارہے تھے غم مت کر اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ انہی کے متعلق ارشاد ربانی ہے۔ ''فانزل اللہ سکینتہ علیہ'' پس خدا نے ان پر اطمینان نازل فرمادیا۔

پس حضرت ابوبکر صدیقؓ رسول اللہ ﷺ اور دیگر انبیاء ومرسلین علیہم السلام کے بعد سب سے افضل اور اعلیٰ ہیں۔ (زوائد الاحادیث الواردۃ فی فضائل الصحابہ ۱۸)

## مولانا اسداللہ ضیاء کے والد گرامی کا انتقال

مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان سٹی کے حلقہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کوٹلہ تولے خان کے نگران مولانا اسداللہ ضیاء کے والد گرامی مولانا ضیاء الرحمٰن جلال پوری ۱۷ر فروری ۲۰۲۵ء کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ حق تعالیٰ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائیں اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل نصیب فرمائیں۔ مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ حضرت حافظ محمد ناصرالدین خان خاکوانی اور مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری نے مولانا اسداللہ ضیاء سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لئے بلندی درجات کی دعا کی۔

# مدرسہ جامعہ عربیہ ختم نبوت چناب نگر کے فضلاء و متخصّصین

مولانا عتیق الرحمٰن سیف

۱۴؍اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے ساتھ ہی انگریز نے اپنے لے پالک قادیانیوں کو پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ ظفر اللہ خان قادیانی کی وساطت سے چناب نگر کی دھرتی پر لاکر آباد کیا۔اس وقت پاکستان کی دینی قیادت نے جس طرح اس فتنے کا مقابلہ برصغیر میں کیا اسی طرح پاکستان بننے کے بعد بھی یہاں کرنے کا فیصلہ کیا اور مجلس تحفظ ختم نبوت کی بنیاد رکھ کر امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کو صدر منتخب کیا۔آپ کی صدارت میں انگریز کے خود کاشتہ پودا قادیانیت کا مقابلہ جاری وساری رہا۔قادیانی چناب نگر میں جیسے ہی آباد ہوئے انہوں نے وہاں جامعہ احمدیہ قائم کیا۔اس باطل کا مقابلہ کرنے کے لئے اللہ نے مجلس تحفظ ختم نبوت کو اعزاز بخشا۔چنیوٹ کے قریب ۱۹۷۶ء میں ایک نئی کالونی ’’مسلم کالونی چناب نگر‘‘ کے نام سے وجود میں آئی اس میں نو کنال کا رقبہ متصل دریائے چناب وشہر چناب نگر مجلس کو میسر آیا۔حضرت مولانا یوسف بنوریؒ، حضرت خواجہ خواجگان خان محمدؒ، حضرت مولانا تاج محمودؒ، حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ جیسے اکابرین نے وہاں جامع مسجد و مدرسہ عربیہ ختم نبوت کا سنگ بنیاد رکھا۔پہلے شعبہ حفظ پھر درجہ کتب کا آغاز ہوا۔

۲۰۱۶ء میں دورہ حدیث شریف اور اس سے پہلے تخصص فی الفقہ وعلوم ختم نبوت کا آغاز ہوا۔اکابر کا لگایا ہوا پودا تقریباً ۵۰ ؍سال بعد آج الحمدللہ ثمر آور ہو کر چہار اطراف عالم میں تشنگانِ علومِ نبوت کو سیراب کر رہا ہے۔جس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہاں پر اس وقت: (۱) حفظ و گردان کی آٹھ کلاسیں (۲) شعبہ بنات میں حفظ و ناظرہ بمع دراسات دینیہ، (۳) درسِ نظامی مکمل، (۴) تخصص فی الفقہ وعلوم ختم نبوت، (۵) شعبہ حفظ کے لئے پرائمری تک تعلیم، (۶) طلباء درس نظامی کے لئے میٹرک، ایف اے، بی اے کی تعلیم، (۷) عظیم الشان لائبریری، (۸) کمپیوٹر لیب، کمپیوٹر کی تعلیم۔ (۹) ہفتہ وار درسِ ختم نبوت (۱۰) درس نظامی کے طلباء کرام کی تحفظ ختم نبوت ورد قادیانیت پر تیاری۔ (۱۱) تعطیلاتِ شعبان میں ۲۰ روزہ ختم نبوت کورس جس میں سینکڑوں علماء وطلباء شریک ہوتے ہیں۔ (۱۲) فری ڈسپنسری جس میں چناب نگر کے مسلمانوں کو فری علاج معالجہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

وہاں اس وقت تک ۵۰۰ ؍سو سے زائد طلباء کرام زیر تعلیم ہیں جن کو رہائش، تین وقت کا کھانا، ماہانہ وظیفہ، علاج معالجہ اور کپڑے مہیا کیے جاتے ہیں۔اس وقت تک تعلیمی سال ۴۶، ۱۴۴۵ھ بمطابق

۲۴، ۲۰۲۵ء تک مدرسہ جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی جناب نگر سے ۱۷۱ر مفتیان کرام ۱۲۱ر علماء کرام فارغ التحصیل ہو چکے ہیں جبکہ شعبہ حفظ سے ۵۰۲ر حفاظ کرام حفظ مکمل کر چکے ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

## شرکاء درجہ تخصص فی الافتاء وعلوم ختم نبوت (۱۴۴۵،۴۶ھ مطابق ۲۴، ۲۰۲۵ء)

| مسلسل نمبر | نمبر شمار | نام | ولدیت | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| ۱۶۴ | ۱ | مولوی محمد انس | حکیم داد | کوہستان |
| ۱۶۵ | ۲ | مولوی رحمت اللہ | وزیر خان | پشین |
| ۱۶۶ | ۳ | مولوی محمد سفیان | محمد رفیق | بہاول پور |
| ۱۶۷ | ۴ | مولوی محمد آصف | حق نواز | جھنگ |
| ۱۶۸ | ۵ | مولوی سیف اللہ | غلام مرتضیٰ | رحیم یار خان |
| ۱۶۹ | ۶ | مولوی محمد عکاشہ | مفتی عبیداللہ انور | چنیوٹ |
| ۱۷۰ | ۷ | مولوی محمد علاؤالدین | مولانا محمد ابوبکر فیصل | چنیوٹ |
| ۱۷۱ | ۸ | مولوی محمد اسامہ | محمد فاروق | چنیوٹ |

## شرکاء درجہ دورہ حدیث شریف (۱۴۴۵،۴۶ھ مطابق ۲۴، ۲۰۲۵ء)

| مسلسل نمبر | نمبر شمار | نام | ولدیت | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| ۱۱۶ | ۱ | مولوی حضرت بلال | نظر محمد | کوئٹہ |
| ۱۱۷ | ۲ | مولوی محمد عامر | محمد مدنی | بہاول پور |
| ۱۱۸ | ۳ | مولوی محمد عمیر خان | جانس خان | پشاور |
| ۱۱۹ | ۴ | مولوی محمد امان اللہ | حفیظ اللہ | مظفر گڑھ |
| ۱۲۰ | ۵ | مولوی محمد اویس | مولانا محمد حسین ناصر | سکھر |
| ۱۲۱ | ۶ | مولوی اسامہ مسعود | مسعود احمد | چنیوٹ |

## حفاظ کرام جامعہ عربیہ ختم نبوت (۱۴۴۵،۴۶ھ مطابق ۲۴، ۲۰۲۵ء)

| مسلسل نمبر | شمار | نام مع ولدیت | ضلع | مسلسل نمبر | شمار | نام مع ولدیت | ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶۳ | ۱ | محمد احمد بن قاری محمد طاہر | لاہور | ۴۶۴ | ۲ | شفقت الرحمن بن فلک شیر | چنیوٹ |
| ۴۶۵ | ۳ | محمد عمار بن قاری حفیظ اللہ | سرگودھا | ۴۶۶ | ۴ | رفیق احمد بن علی حسن | گھوٹکی |
| ۶۷ | ۵ | عمار مصطفی بن محمد حیات | چنیوٹ | ۴۶۸ | ۶ | دانش علی بن محمد یونس | چکوال |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶۹ | ۷ | محمد بن محمد اعجاز | چنیوٹ | ۴۷۰ | ۸ | محمد بن محمد معاویہ | پشاور |
| ۴۷۱ | ۹ | جنید خان بن انور خان | وزیرستان | ۴۷۲ | ۱۰ | منیب الرحمن بن شوکت علی | جھنگ |
| ۴۷۳ | ۱۱ | عبداللہ بن اصل خان | وزیرستان | ۴۷۴ | ۱۲ | علی اکبر بن آصف علی | جھنگ |
| ۴۷۵ | ۱۳ | محمد احسن بن اعجاز حسین | چنیوٹ | ۴۷۶ | ۱۴ | نوراللہ بن اصل خان | وزیرستان |
| ۴۷۷ | ۱۵ | احمد علی بن شفیق الرحمن | سرگودھا | ۴۷۸ | ۱۶ | اسد علی بن وریام | چنیوٹ |
| ۴۷۹ | ۱۷ | جمال الدین بن غلام رسول | چنیوٹ | ۴۸۰ | ۱۸ | محمد فہیم بن محمد ابراہیم | ڈی آئی خان |
| ۴۸۱ | ۱۹ | محمد ریحان بن اختر حیات | چنیوٹ | ۴۸۲ | ۲۰ | حسن سعید بن محمد فیروز | سرگودھا |
| ۴۸۳ | ۲۱ | سید رحمن بن میر سلام | زیرستان | ۴۸۴ | ۲۲ | شاہد علی بن خادم حسین | چنیوٹ |
| ۴۸۵ | ۲۳ | محمد یاسر بن محمد ریاض | چنیوٹ | ۴۸۶ | ۲۴ | عدنان بن غلام یاسین | رحیم یار خان |
| ۴۸۷ | ۲۵ | محمد ابوبکر بن فقیر اللہ | مظفرگڑھ | ۴۸۸ | ۲۶ | سراج گل بن جمیر گل | سوات |
| ۴۸۹ | ۲۷ | محمد عثمان بن محمد یونس | چنیوٹ | ۴۹۰ | ۲۸ | مجیب الرحمن بن محمد اکرم | چنیوٹ |
| ۴۹۱ | ۲۹ | محمد عاشر بن محمد اسلم | چنیوٹ | ۴۹۲ | ۳۰ | علی حسن بن ندیم عباس | چنیوٹ |
| ۴۹۳ | ۳۱ | تنویر حسن بن شہباز خان | سرگودھا | ۴۹۴ | ۳۲ | علی حسن بن شہباز خان | سرگودھا |
| ۴۹۵ | ۳۳ | غلام مرسلین بن محمد نواز | سرگودھا | ۴۹۶ | ۳۴ | عثمان ظفر بن ظفر عباس | سرگودھا |
| ۴۹۷ | ۳۵ | کاشف عدیل بن محمد اسلم | چنیوٹ | ۴۹۸ | ۳۶ | ذیشان بن محمد اشرف | چنیوٹ |
| ۴۹۹ | ۳۷ | ذیشان احمد بن محمد یعقوب | چنیوٹ | ۵۰۰ | ۳۸ | علی رضا بن لیاقت علی | سرگودھا |
| ۵۰۱ | ۳۹ | محمد مرتضیٰ بن لیاقت علی | سرگودھا | ۵۰۲ | ۴۰ | ندیم حسن بن بخش علی | سرگودھا |

## ختم نبوت تقریری مقابلہ ضلع چارسدہ

مجلس تحفظ ختم نبوت تحصیل تنگی ضلع چارسدہ کے زیر اہتمام تقریری مقابلہ ہوا، جس میں ۸۸ سرکاری و پرائیویٹ سکول کے طلباء نے حصہ لیا۔ مقابلہ یکم فروری ۲۰۲۵ء سے شروع ہوا اور ۱۹ فروری کو اختتام پذیر ہوا۔ جس میں ہر یوسی سے ایک طالب علم نے حصہ لیا۔ اس مقابلہ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کے لئے عمرہ کا ٹکٹ۔ دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کے لئے ۵۰ ہزار نقد۔ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کے لئے ۳۰ ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم کا نام حامد اللہ ولد قاری ساجد اللہ ہے۔ دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم کا نام عابد علی ولد یار گل ہے۔ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کا نام محمد سہیل ولد نور حسن ہے۔ یہ پروگرام تحصیل امیر حضرت مولانا سید شمس الحق کی زیر صدارت ہوا جس میں مقامی علماء کرام ومسولان نے بھرپور شرکت کی۔

# مجاہد ملت حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ

مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

پیدائش: مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ ضلع جالندھر کی سرسبز وشاداب گنجان آباد اور علم وادب کی گہوارہ تحصیل نکودر کے ایک قصبہ ''رائے پور ارائیاں'' میں پیدا ہوئے۔ اس دور میں سن وسال لکھنے کا رواج نہ تھا۔ اس لئے حتمی طور پر تاریخ پیدائش کا تعین ممکن نہیں۔ ہاں! عمر کا لحاظ وحساب کر کے ۱۸۹۶ء بنتا ہے۔

(روداد مجلس تحفظ ختم نبوت ۱۳۹۱ھ ص ۲)

خاندان: آپ کے والد بزرگوار حاجی محمد ابراہیم مرحوم متدین، متشرع اور متقی انسان تھے۔

تعلیم: ابھی آپ کی عمر پانچ سال کی تھی کہ گاؤں کی مسجد کے مدرسہ میں آپ کو داخل کرا دیا گیا۔ ابتدائی عربی قاعدہ اور قرآن مجید کے چند اسباق ناظرہ پڑھے۔ جب حروف کی پہچان ہوگئی تو باقی قرآن پاک آپ نے گھر میں پڑھا۔ بعدازاں انہیں جب ان کی عمر آٹھ سال ہوئی تو اپنے گاؤں کے قریب ایک دوسرے گاؤں ''رائے پور گوجراں'' کے مدرسہ جس کے مدارالمہام، ابوحنیفہ دوراں، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد حضرت مولانا حافظ محمد صالح تھے، میں آپ کو داخل کرا دیا گیا۔ حضرت قطب الاقطاب شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے فیض یافتہ انتہائی باخدا اور صالح بزرگ حضرت محمد صالح قدس سرہ کی گرمی نفس اس درسگاہ کا باعث تھی۔ جب کہ مہتمم حضرت مولانا فضل احمد رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ، صدر مدرس، استاذ العلماء فقیہ پنجاب مولانا مفتی فقیر اللہ قدس سرہ جو حضرت شیخ العالم مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ رشید تھے۔

پانچ سال تک حضرت مفتی فقیر اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے علوم حاصل کرتے رہے۔ ابتدائی کتب آپ ہی سے پڑھیں اور ساتھ ہی ساتھ حضرت مفتی صاحب سے روحانی اسباق بھی لیتے رہے۔ مولانا چونکہ زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتے تھے، ایک مرتبہ والد صاحب گھر سے گھی اور دیگر کچھ اشیاء خوردنی لے کر آئے تو حضرت مفتی فقیر اللہ نے چوہدری محمد ابراہیم سے کہا: اگر بیٹے کو یہ چیزیں کھلانی ہیں تو اس کے لئے بہترین جگہ گھر ہے۔ یہاں تو وہی چیز کھانی چاہئے جو دوسرے کھاتے ہیں۔ اس کے بعد چوہدری محمد ابراہیم کو کبھی خیال نہ آیا۔

علم وادب ومنطق وفلسفہ، حدیث وتفسیر کی کچھ کتابیں اور علم فقہ کی تکمیل کے لئے خیر العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کئے۔ فوقانی تعلیم اور حدیث وتفسیر کی تکمیل اور علمی تشنگی کی سیرابی کے لئے درس نظامی کی سب سے بڑی درسگاہ دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا جہاں اور شہرۂ آفاق

علماء کرام اور مشائخ عظام کے علاوہ امام العصر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ آپ کے اساتذہ کرام میں مفتی اعظم مولانا مفتی عزیز الرحمٰن، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی، ولی کامل حضرت میاں سید اصغر حسین، استاذ الکل حضرت مولانا رسول خان رحمۃ اللہ علیہم جیسے جبال العلم سرفہرست ہیں۔ ان حضرات سے احادیث نبویہ کی تعلیم حاصل کی۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی فراست اور بصیرت افروز نظر نے نوجوان محمد علی کو جوہر قابل بنادیا۔

علم ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا　　　نہ کتابوں سے نہ زر سے پیدا

(روداد مجلس تحفظ ختم نبوت ۱۳۹۱ھ ص ۳)

حضرت شاہ صاحب کے فیضان صحبت، تربیت اور کیمیا اثر نظر نے مولانا کے قلب کو شعلہ جوالا بنادیا۔

الٰہی کیا چھپا ہوا ہے اہل دل کے سینوں میں　　　جلا سکتی ہے شمع کشتہ کو موج نفس ان کی

## حضرت الاستاذ کی وصیت

دارالعلوم دیوبند کے فضلاء فراغت کے بعد واپس ہونے لگتے تو اساتذہ کرام سے الوداعی ملاقات کرتے۔ دعا کراتے اور اساتذہ اپنے ان نونہالان کو نصیحت فرماتے۔ حضرت امام العصر علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ فتنہ قادیانیت کے سلسلہ میں جس قدر حساس تھے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپ تقریباً ہر طالب علم کو اس فتنہ کے استیصال کی طرف توجہ دلاتے۔ مولانا جالندھری جب حضرت الاستاذ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو واپسی کی اجازت طلب کرتے ہوئے دعا کی درخواست کی اور عرض کیا کہ میرا خاندان اہل حدیث ہے۔ جب کہ میں حنفی ہوں۔ خطرہ ہے کہ گھر میں اختلافی مسائل سے بدمزگی پیدا نہ ہو۔ رفع اختلاف اور اصلاح ذات کے لئے خصوصی دعا فرمائیں۔ حضرت شاہ صاحب قدس سرہ نے ارشاد فرمایا: ’’بھائی مولوی صاحب! اہل سنت اور اہل حدیث کے اختلاف کی کیا فکر ہے؟ تمہارے پنجاب میں جھوٹی نبوت، کذاب نبی، دجال امت اور خطرناک پارٹی پیدا ہو چکی ہے۔ یہ پارٹی کافرانہ عقائد اور غیر اسلامی مسائل کی حامل ہے۔ یہ لوگ اپنے کفریہ عقائد کی بناء پر مرتد ہو چکے ہیں اور مسلمانوں کو مرتد بناتے ہیں۔ مولوی صاحب! اس فتنہ کا مقابلہ کرو اور مسلمانوں کے باہمی اختلافی مسائل سے بچتے رہو۔ قادیانی فتنہ اور طائفہ مرتدہ کے خلاف کام کر کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح طیبہ کو خوش کرو۔ مسلمانوں اور اسلامی فرقوں کے مسائل میں اختلاف کے باوجود ’’اتحاد عمل‘‘ اور آپس میں اتفاق رکھتے ہوئے منکرین جہاد وختم نبوت کے مقابلہ پر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر رہنا چاہئے۔ مزید فرمایا: مسلمان فرقوں کے درمیان اختلاف ہو لیکن مخالفت نہ ہو اور سب مسلمانوں کو سب سے پہلے نبوت کاذبہ کا ڈٹ کر مقابلہ اور مسلمانوں کی طرف سے مدافعت کرنی چاہئے۔

## مولانا ایک عدیم النظیر خطیب

مولانا محمد علی کی زندگی ایک جفاکش مجاہد کی زندگی تھی۔ ان کی ذات میں حضرت شیخ شاہ عبدالقادر رائے پوری کی روحانیت، امیر شریعت کی خطابت کی جھلک تھی۔ تنظیمی صلاحیتوں میں بھی ان کی شخصیت عدیم المثال تھی۔ خطابت میں وہ مولانا ابوالکلام آزاد کا پنجابی ترجمہ تھے۔ کوئی بات دلیل کے بغیر نہیں کہتے تھے اور ہر دلیل برہان قاطع کی حیثیت رکھتی تھی۔ ان کی تقریریں سادگی اور پرکاری کا حسین امتزاج تھیں۔ خصوصاً ختم نبوت کے موضوع پر ان کی تقریروں نے لاکھوں مسلمانوں کے ایمان کو پختگی بخشی اور لاکھوں مسلمانوں کے دلوں سے اوہام باطلہ کو نکالا۔ قادیانی علم کلام ان کی مدلل تقریروں کے سامنے لاجواب تھا۔

## مولانا جالندھری رحمۃ اللہ علیہ آغا شورش کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں

ہفت روزہ چٹان لاہور کے بانی مدیر آغا شورش کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ: ’’سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مجلس احرار اسلام کے شعبہ تبلیغ کو مجلس تحفظ ختم نبوت کی شکل دے کر مولانا محمد علی جالندھری کو پہلا ناظم اعلیٰ مقرر کیا۔ ان علماء (مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغین) نے قادیانیت کو مذہبی اعتبار سے کہیں ٹکنے نہ دیا۔ اپنا تنور روشن رکھا۔ تحریک راست اقدام (۱۹۵۳ء) کے بعد مجلس تحفظ ختم نبوت کا وجود انعام الٰہی تھا۔ شاہ جی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے بعد کچھ عرصہ کے لئے مولانا جالندھری رحمۃ اللہ علیہ امیر ہو گئے۔ پھر کام کی وسعت کے پیش نظر مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ کو امیر مقرر کیا گیا۔ مولانا جالندھری شروع دن سے ناظم اعلیٰ چلے آ رہے تھے۔ قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد امیر مقرر کئے گئے۔

مولانا محمد علی ایک متدین عالم دین اور معتدل خطیب تھے۔ ہر بات ناپ تول کر کرتے آپ نے دارالمبلغین قائم کر کے قادیانیت کے لئے ایسا شکنجہ تیار کیا کہ تمام اضلاع میں مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفاتر قائم ہو گئے۔ پچاس سے زائد کل وقتی مبلغ مقرر کئے جو مرکزی دفتر سے معمولی مشاہرہ لے کر اپنے فرائض انجام دیتے۔ اس نظام نے قادیانیت کی سرکوبی نہایت پر احسن طریق پر کی۔ دارالمبلغین نے سینکڑوں مبلغ ومناظر تیار کئے۔ مولانا جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کی شبانہ روز مساعی کا اعجاز تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ تائید ایزدی کے بل پر آپ نے مجلس تحفظ ختم نبوت کو طاقتور تنظیم بنا دیا۔ مولانا کا وجود مرزائیوں کے لئے درہ عمر تھا۔ آپ نے مجلس تحفظ ختم نبوت کے لئے لاکھوں روپے جمع کئے۔ خود بھی مشاہرہ لیتے تھے۔ اپریل ۱۹۷۱ء میں آپ کا انتقال ہوا تو آپ کی یادداشتوں میں سے ایک تحریر برآمد ہوئی کہ میں نے آج تک مجلس تحفظ ختم نبوت سے بطور مشاہرہ جو رقم حاصل کی ہے وہ فلاں صندوق میں بندھی پڑی ہے، وہاں سے لے لی جائے۔‘‘

(تلخیص: تحریک ختم نبوت از شورش کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ ص ۱۶۵ تا ۱۶۷)

# آہ! حضرت مولانا حامد الحق حقانی شہیدؒ

مولانا محمد وسیم اسلم

جمعیت علماء اسلام (س) کے سربراہ مولانا حامد الحق حقانی ۲۸ فروری ۲۰۲۵ء کو اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ ایک خودکش دھماکہ میں شہید کر دیئے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

مولانا حامد الحق حقانی نے ۲۶ مئی ۱۹۶۸ء میں عظیم باپ کے عظیم فرزند مولانا سمیع الحق شہیدؒ کی پہلی اہلیہ کے ہاں آنکھ کھولی۔ آبائی علاقہ کے اسکول سے میٹرک کیا۔ قیام پاکستان کے بعد ستمبر ۱۹۴۷ء میں قائم ہونے والی ملک کی عظیم دینی درسگاہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک سے ہی دینی تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں نوشہرہ ڈگری کالج میں داخلہ لیا۔ پھر اسلامک اسٹڈیز میں بیچلر کیا۔ ۱۹۹۰ء کے لگ بھگ پنجاب یونیورسٹی سے اسلامیات میں ماسٹر ڈگری بھی حاصل کی۔

مولانا حامد الحق حقانی اعلیٰ نسبتوں کے حامل انسان تھے۔ جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک کے بانی شیخ الحدیث مولانا عبدالحق حقانی کے نبیرہ اور جامعہ اشرفیہ پشاور کے بانی مولانا اشرف علی قریشی کے فرزند نسبتی تھے۔ میدان سیاست میں جدی پشتی سرگرم عمل چلے آرہے تھے۔ ۱۹۸۵ء میں جے یو آئی (س) کے جمعیت طلبہ اسلام میں شامل ہوئے اور سیکرٹری جنرل بنے۔ بعد میں سیاسی اور مذہبی معاملات میں دلچسپی کی بنا پر جے یو آئی (س) کے نائب امیر مقرر ہوئے۔ پھر اپنے والد گرامی کی شہادت کے بعد جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی امیر اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے نائب مہتمم مقرر ہوئے۔ آپ کے دادا مولانا عبدالحق حقانی دو مرتبہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور والد گرامی مولانا سمیع الحق شہیدؒ دو بار ایوان بالا سینٹ کے رکن رہے۔ مولانا حامد الحق حقانی نے بھی نوشہرہ سے ۲۰۰۲ء کے عام انتخابات میں چھ جماعتوں کے اتحاد یعنی ایم ایم اے کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے امیدوار کے طور پر حصہ لیا اور پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار نصیر اللہ بابر کو شکست دی۔ ۲۰۰۷ء تک قومی اسمبلی کے رکن رہے۔ یوں سیاسی، سماجی، قانونی اور مذہبی پلیٹ فارموں پر آپ نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں، جو ناقابل فراموش ہیں۔

آپ کا عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ میں اہم اور نمایاں کردار رہا ہے۔ ختم نبوت اور ناموس رسالت کے دفاع میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ آپ نے مختلف سیاسی و مذہبی پلیٹ فارمز پر ختم نبوت کے تحفظ کے لئے مؤثر آواز بلند کی ہے۔ ختم نبوت کے تحفظ میں ہر اس کوشش کے خلاف شدید مزاحمت کی جو منکرین ختم نبوت

قادیانیوں کو دوبارہ مسلمان کہلوانے یا انہیں کسی بھی قسم کی رعایت دینے سے متعلق ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان میں ایسے قوانین کی حمایت کی جو ختم نبوت کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوں۔

جامعہ دارالعلوم حقانیہ جیسے اہم دینی مرکز کے سربراہ کی حیثیت سے طلباء میں عقیدہ ختم نبوت کی تعلیم و تربیت اور عقیدہ کی پختگی کے لئے بھرپور زور دیا، تاکہ آئندہ نسلیں بھی اس عقیدے کے تحفظ کے لئے اپنا کردار ادا کرسکیں۔ عقیدہ ختم نبوت کے اجلاسات، سیمینارز اور کانفرنسوں میں پورے جوش و جذبہ سے شرکت کو یقینی بنایا۔ متعدد بار مسلم کالونی چناب نگر میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب بھی کیا۔ ملتان کے مرکزی دفتر کو بھی آپ نے اپنی تشریف آوری سے سرفراز فرمایا۔ آپ کی شہادت کی خبر سے ملک بھر میں غم واندوہ کی لہر دوڑ گئی، مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی اکابرین نے بھی گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور تعزیتی پریس ریلیز جاری کی۔

آپ کی نماز جنازہ یکم مارچ ۲۰۲۵ء کو دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں ادا کی گئی، جس میں سیاسی، مذہبی وسماجی شخصیات سمیت بلاشبہ ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ ان کے فرزند ارجمند مولانا صاحبزادہ عبدالحق ثانی نے پڑھائی۔ آپ کو آپ کے والد مولانا سمیع الحق شہید کے پہلو میں سپرد خاک کیا گیا۔ اس موقع پر مولانا حامد الحق حقانی کے فرزند صاحبزادہ مولانا عبدالحق ثانی کو اپنے والد کا سیاسی جانشین مقرر کیا گیا۔

اللہ کریم حضرت حقانی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں اور تمام پسماندگان، متعلقین، محبین اور تلامذہ کو صبر جمیل نصیب فرمائیں۔ آمین بجاہ النبی الکریم!

## حضرت مولانا قاری اکرام رازق کی رحلت

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت یونین کونسل شیر پاؤ ضلع چارسدہ کے امیر مولانا قاری اکرام رازق ۱۹ نومبر ۲۰۲۴ کو وصال فرماگئے۔ آپ کی رحلت اس حالت میں ہوئی کہ صبح کی نماز کی امامت فرمارہے تھے آپ کا معمول نماز فجر میں سال بھر میں ایک مرتبہ قرآن مجید ختم کرنا تھا ۱۹ نومبر بروز منگل نماز فجر میں آخری پارے کی سورہ نازیات کی تلاوت کے بعد رکوع کے دوران وفات پاگئے۔ مولانا قاری اکرام رازق ۹/اپریل ۱۹۷۶ء ضلع چارسدہ کے مشہور گاؤں شیر پاؤ میں پیدا ہوئے۔ ۲۴/اگست ۲۰۰۵ کو جامعہ دارالعلوم اسلامیہ تنگی سے آپ کی علوم اسلامی میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس سے فراغت حاصل کی۔ یونین کونسل شیر پاؤ میں ختم نبوت کی حفاظت کے لئے آپ نے سالوں تک خدمات انجام دیں۔ ذاتی زندگی میں بھی آپ متقی ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ جمعیت علماء اسلام اور عالمی مجلس کے ساتھ پوری زندگی وابستگی رہی۔ آپ کی نماز جنازہ میں تینوں تحصیلوں کے امراء بالخصوص ضلعی امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا حزب اللہ حقانی نے شرکت کی اللہ تعالی آپ کی خدمات کو آپ کے لئے اخروی نجات کا ذریعہ بنائے۔

# آہ! حضرت مولانا مفتی عبدالواجدؒ ایبٹ آباد

مولانا محمد سجاد ایبٹ آباد

مولانا مفتی عبدالواجدؒ ۶ ؍فروری ۲۰۲۵ء بروز جمعرات بوقت صبح صادق تقریباً ۵۱ سال کی عمر میں دارالفناء سے دارالبقاء کی طرف رحلت فرما گئے۔ اللھم اغفر وارحمہ وادخلہ الجنۃ مثوآمین!

آپ کی پیدائش ضلع وتحصیل ایبٹ آباد کے نواحی علاقہ بانڈہ خیر علی خان میں ۲؍اپریل ۱۹۷۴ء کو ہوئی۔ آپ پروردہ آغوش والدین رہے۔ عصری تعلیم ابتدائی اپنے گاؤں خیر علی وایبٹ آباد سے حاصل کی۔ حفظ قرآن اپنے گاؤں میں قاری سید سعید حسین شاہ سے جب کہ تجوید ٹی آئی پی کالونی ہری پور میں قاری نور الحقؒ سے مکمل کی۔ درس نظامی جامعہ فریدیہ وجامعہ نصرت العلوم گوجرانوالہ اور افتاء کراچی سے مکمل کیا۔

تدریسی خدمات ۱۹۹۹ء سے پھلکوٹ ہائی سکول سے شروع کیں۔ ۲۰۰۶ء میں ڈسٹرکٹ خطیب مقرر ہوئے۔ مفتی صاحب کا ہزارہ ڈویژن کی غیر متنازع شخصیات میں شمار تھا۔ آپ نے دینی مذہبی علمی شعبوں میں امن وامان برقرار رکھا ہوا تھا۔ ڈسٹرکٹ کی سطح پر شہر اور گردونواح میں بھی امن کا قائم ہونا آپ کی مرہون منت تھا۔ جب کبھی کسی دینی تحریک، تنظیم، مدرسہ، یا مسجد کا کوئی معاملہ ہوا آپ کی خدمات کی ضرورت پڑی تو آپ نے اپنی صلاحیتوں کو صرف فرمانے میں کبھی بخل کا مظاہرہ نہیں فرمایا بلکہ بلا کی وسعت ظرفی اور سخاوت کا ایک دریا تھا جس طرف جب بھی جہاں بھی ضرورت پڑتی بہ پڑتا تھا۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی جماعت میں خدمات کا آغاز خطیب ہزارہ حضرت مولانا شفیق الرحمنؒ کی وفات کے بعد ۲۹؍جنوری ۲۰۱۸ء میں ایبٹ آباد کے مولانا افسر علی شاہ امیر اور مفتی صاحبؒ کے ناظم مقرر ہونے سے ہوا۔ سال کے آخر میں مولانا افسر علیؒ بھی دار فانی سے کوچ کر گئے اور مفتی صاحبؒ کو مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی حضرات نے محترم جناب وقار جدون کے رہائش گاہ پر امارت کے لئے مقرر فرمایا۔

امارت کا آغاز ہوتے ہی ایبٹ آباد کے علماء کرام کا ایک جم غفیر تحفظ ختم نبوت کے کاز سے جڑتا چلا گیا۔ سالانہ ختم نبوت کانفرنس جو پہلے جامع مسجد کے صحن میں ہوا کرتی تھی، اس کو کھلے عام میدان بار کلب اور پھر مرکزی عیدگاہ میں منتقل کیا، پھر بھی یہ وسیع وعریض میدان تنگی کی شکایت کررہا تھا۔ مفتی صاحب کی زندگی کا اہم مشن تحفظ ختم نبوت کے کاز اور محنت کو ہر شعبے میں اجاگر کرنا تھا۔ چنانچہ وکلاء، تاجر برادری، سکولز، کالجز، یونیورسٹیز، کمیونٹیز ہال وغیرہ تک کے حضرات کو اس مقدس مشن کے ساتھ جوڑے رکھا۔ اللہ تعالیٰ ان کے لگائے گئے پودے کو ہمیشہ پھلتا پھولتا رکھیں اور مفتی صاحب کی کامل مغفرت فرمائیں، آمین!

# آہ! گمنام خادم ختم نبوت بھائی مطیع اللہ شہیدؒ

مولانا محمد مسعود خوشابی

عقیدہ ختم نبوت کا جانباز اور علماء کے خادم بھائی مطیع اللہ شہید ۲۵ فروری ۲۰۲۵ء کو ہمیں سوگوار چھوڑ کر جدا ہوگئے۔ بھائی مطیع اللہ نے بامقصد اور مصروف زندگی گزاری۔ ان کی مخلصانہ خدمت اور نیکی کے کاموں بالخصوص ختم نبوت اور تبلیغ سے منسلک چھوٹے بڑے پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا یہ ہر قدردان فرد کو ہمیشہ یاد رہے گا۔ اپنی زندگی کے آخری لمحات میں بھی مرکزی جامع مسجد کے تعمیری کام میں مصروف تھے کہ ان کے اوپر دیوار گرگئی۔ فوری طور پر ہسپتال لے جایا گیا۔ عزیز بھٹی ہسپتال گجرات میں کچھ دن داخل رہے، لیکن شدید چوٹوں کی وجہ سے شفایاب نہ ہوسکے اور اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر گئے۔

دینی حلقے میں ان کی محبوبیت کا اندازہ یوں لگائیں کہ جب تک وہ ہسپتال میں داخل رہے تو ضلع منڈی بہاؤالدین کی مساجد و مدارس میں ان کی شفاء کے لئے خصوصی طور پر دعاؤں کا اہتمام کیا گیا۔ مستعار زندگی عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت اور دفاع ہی کے لئے وقف ہوکر رہ گئی تھی۔ مبلغ ختم نبوت مولانا محمد قاسم سیوطی کے ختم نبوت کے کاموں میں دست راست تھے۔ مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع منڈی بہاؤالدین کے زیرِ اہتمام ہونے والی سالانہ ختم نبوت کانفرنس کی تیاری کے لئے اپنے آپ کو وقف کیا ہوا تھا۔

نمازِ جنازہ میں مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع سرگودھا کے امیر مولانا نور محمد ہزاروی نے اپنے رفقاء کے ہمراہ خصوصی طور پر شرکت کی اور مطیع اللہ شہید کی دینی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ علاوہ ازیں مجلس ضلع منڈی بہاؤالدین کے امیر قاری عبدالواحد، مبلغ ختم نبوت مولانا محمد قاسم سیوطی نے بھی ان کی خدمات کو سراہا۔ آخر میں ضلع منڈی بہاؤالدین کے سرپرست، خطیب شہر مولانا عبدالماجد شہیدی نے جب بھائی مطیع اللہ شہید کی خوبیوں کا تذکرہ کیا تو نمازِ جنازہ میں شرکاء کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیل رواں جاری ہوگیا۔ خطیب شہر کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ میت قبرستان لی جائی گئی جہاں پر ختم نبوت کے فدائی اور شیدائی کو آہوں اور سسکیوں سے سپرد خاک کیا۔ ان کے بھائیوں خرم شہزاد، بھائی وقاص کے علاوہ بھائی مطیع اللہ کے جگری دوست مولانا محمد قاسم سیوطی، حاجی اطہر، مولانا اسامہ شہیدی سمیت دیگر احباب نے اپنے مخلص دوست اور بھائی کو قبر میں اتارا۔ اللہ کریم ہمارے بھائی مطیع اللہ شہید کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، ان کی جملہ دینی خدمات قبول فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین!

# خرق عادت واقعات اور مرزا غلام احمد قادیانی

مولانا محمد وسیم اسلم

نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم، اما بعد! قال اللہ عزوجل
’’فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ مُخْلِفَ وَعْدِہٖ رُسُلَہٗ‘‘ (ابراہیم:۴۷)
پس تم ہرگز ہرگز یہ گمان نہ کرو کہ اللہ اپنے رسولوں سے کئے ہوئے وعدہ کے خلاف کرے گا۔

یہ آیت مبارکہ حضور ﷺ، اہل ایمان کی تسلی اور نافرمانوں کے لئے تنبیہ کے طور پر نقل کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں اور ان کے متبعین سے جو وعدہ کرتا ہے، اسے ضرور پورا کرتا ہے، چاہے وہ مدد اور نصرت کا ہو یا قیامت کے دن جزا و سزا کا۔ اسی طرح ان لوگوں کے لئے سخت وارننگ ہے جو اللہ پر افتراء باندھتے ہیں، رسولوں کی مخالفت کرتے ہیں اور حق کو جھٹلاتے ہیں۔

دور حاضر میں معاشرے کی ترقی کا مدار سائنس پر محیط ہے۔ سائنس میں مشاہدہ کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ انسان کو روزمرہ کی زندگی میں جن حالات و واقعات کی روشنی میں مشاہدات ہوتے ہیں وہ تین قسم کے ہیں: (۱) عادیات، (۲) عجائبات، (۳) خوارق۔ تینوں قسم کے حالات و واقعات سائنسی، فلاسفی اور مذہبی لحاظ سے گہری اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کی وضاحت درج ذیل ہے:

۱...... عادیات: وہ واقعات جن کا سبب موجود بھی ہو اور ظاہر بھی۔ یعنی لوگ جن کی منطقی یا سائنسی وضاحت کرسکتے ہیں، مثلاً بارش کا برسنا: بادلوں میں پانی کے بخارات جمع ہوتے ہیں، درجہ حرارت کم ہوتا ہے تو بارش ہوتی ہے۔ آگ میں ہاتھ ڈالنے سے جلنا: حرارت کی منتقلی کی وجہ سے جسم متاثر ہوتا ہے۔ یہ سائنسی اصولوں کے تحت آنے والے عام عادی واقعات ہیں۔

۲...... عجائبات: وہ واقعات جن کا سبب موجود تو ہو لیکن ظاہر نہ ہو۔ یعنی جن کا سبب حقیقت میں موجود تو ہوتا ہے، لیکن وہ عام مشاہدے میں نہیں آتا یا سمجھ میں نہیں آتا۔ ایسے واقعات کو لوگ بظاہر اتفاقیہ یا غیر معمولی سمجھ سکتے ہیں، مگر درحقیقت ان کا ایک پوشیدہ سبب ہوتا ہے۔ مثلاً مقناطیس کا لوہے کو کھینچنا: عام آنکھ سے مقناطیسی قوت نظر نہیں آتی، لیکن وہ حقیقت میں موجود ہے۔ کسی شخص کی دعا قبول ہونا: مذہبی نقطہ نظر سے یہ ایک عمل اور اس کے غیرمرئی نتائج کا تعلق ہے، جس کا انسان عام مشاہدہ نہیں کرسکتا۔ یہ وہ مظاہر ہیں جن کے پیچھے سبب تو ہوتا ہے، مگر وہ انسانی عقل یا حواس کی گرفت میں نہیں آتا۔

۳...... خوارق: وہ واقعات جن کا نہ سبب موجود ہو اور نہ ظاہر ہو۔ یہ وہ واقعات ہیں جو کسی معروف سائنسی یا عقلی اصول کے مطابق ممکن نہیں ہوتے۔ ان کا کوئی ظاہری یا معلوم سبب نہیں ہوتا، یہ معجزاتی یا غیر معمولی نوعیت کے واقعات ہوتے ہیں، جنہیں خارق عادت بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ میں نہ جلنا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دریا کو عصا مار کر راستہ بنا لینا۔ سیدہ مریم علیہا السلام کے لئے بے موسم پھلوں کا نازل ہونا وغیرہ۔ یہ وہ واقعات ہیں جنہیں عام طور پر معجزات، کرامات یا خارق عادت واقعات کہا جاتا ہے۔

مذکورہ بالا تینوں اقسام کے واقعات روزمرہ کی زندگی میں اہمیت رکھتے ہیں۔ پہلے دو اقسام کے واقعات کو سائنس اور منطق سے سمجھا جا سکتا ہے، جب کہ تیسری قسم مذہبی یا روحانی نقطہ نظر پر مشتمل ہے۔ اس تیسری قسم کی روشنی میں پیش آنے والے واقعات چار صورتوں میں منقسم ہیں: (۱) ارہاص، (۲) معجزہ، (۳) کرامت اور (۴) استدراج

پہلی دو قسموں کا تعلق انبیاء کرام علیہم السلام کی ذات سے، تیسری قسم کا اولیاء کرام کی ذات سے اور چوتھی قسم کا تعلق فاسق، فاجر اور کافر سے ہے۔

ارہاص: اعلان نبوت سے پہلے پیش آنے والے خرق عادت واقعات ارہاص کہلاتے ہیں۔ جیسے حضور اکرم ﷺ کی پیدائش کے وقت جو خاص نور ظاہر ہوا، اسی طرح بحیرہ راہب نے آپ ﷺ کے اندر نبوت کی نشانیاں دیکھ کر آپ کی نبوت کی پیش گوئی کی وغیرہ۔

معجزہ: یہ کسی نبی کے ہاتھ پر اعلان نبوت کے بعد ظاہر ہونے والا غیر معمولی واقعہ ہوتا ہے جو اللہ کی طرف سے اس کی سچائی کی دلیل کے طور پر دیا جاتا ہے۔ معجزہ عام قوانینِ فطرت کے خلاف ہوتا ہے اور اس کی مثل لانے سے کوئی قاصر ہوتا ہے۔ جیسے چاند کے دو ٹکڑے ہونا، پتھروں کا ہاتھ میں کلمہ پڑھنا وغیرہ۔ معجزہ صرف نبی کی ذات کے ساتھ خاص ہوتا ہے۔

کرامت: یہ کسی ولی (نیک اور متقی شخص) کے ہاتھ پر ظاہر ہونے والا غیر معمولی واقعہ ہوتا ہے، کرامت، معجزے کی مثل ہوتی ہے لیکن یہ نبی کی نبوت کے ثبوت کے لئے نہیں بلکہ اللہ کی خاص عنایت کے طور پر رونما ہوتا ہے، جیسے سیدہ مریم علیہا السلام کے لئے پھل کا اترنا، حضرت عمر فاروقؓ کا مدینہ منورہ میں خطبہ کے دوران نہاوند کے لشکر کو ”یا ساریۃ الجبل“ (اے ساریہ! پہاڑ کی طرف متوجہ ہو) کہنا اور ان کے لشکر کا سینکڑوں میل دور اس آواز کو سن کر عمل کرنا۔

استدراج: یہ کسی، فاسق، فاجر، کافر یا جھوٹے مدعی کے ہاتھ پر ظاہر ہونے والے واقعات کو

کہا جاتا ہے۔ جو حقیقت میں اللہ کی طرف سے ایک آزمائش اور ڈھیل کے طور پر دیا جاتا ہے۔ ایسے افراد بظاہر کرامات یا معجزے جیسے واقعات کا دعویٰ کرتے ہیں، جیسے دجال کے ہاتھوں پر ہونے والے حیرت انگیز واقعات، مسیلمہ کذاب کا قرآن کی مثل لانے کا دعویٰ کرنا، مرزا غلام احمد قادیانی کے مختلف دعاوی اور اس کی پیش گوئیاں وغیرہ۔

مذکورہ بالا اصطلاحات کی وضاحت کے بعد دیکھیں کہ عصر حاضر کے مسیلمہ یعنی مرزا غلام قادیانی جو نبوت کا جھوٹا دعوے دار تھا، اس نے اپنے اس دعوے کو لوگوں کے سامنے سچا ثابت کرنے کے لئے معجزات، نشانات اور پیش گوئیوں سے متعلق کیا دعوے کئے ہیں۔ اپنی تمام تر خرافات کو مرزا قادیانی نے ''معجزہ'' سے تعبیر کیا ہے اور خارق عادت امور کو باہم خلط ملط کیا ہے۔ چناں چہ لکھتا ہے: ''نشان، معجزہ، کرامت اور خرق عادت ایک چیز ہے۔'' (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۵۰، خزائن ج ۲۱ ص ۶۳)

''خدا تعالیٰ نے میرا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے اس قدر معجزات دکھائے ہیں کہ بہت ہی کم نبی ایسے آئے ہیں جنہوں نے اس قدر معجزات دکھائے ہوں۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ اس نے اس قدر معجزات کا دریا رواں کر دیا ہے کہ باستثنائے ہمارے نبی ﷺ کے باقی تمام انبیاء میں ان کا ثبوت اس کثرت کے ساتھ قطعی اور یقینی طور پر محال ہے اور خدا نے اپنی حجت پوری کر دی ہے۔ اب چاہے کوئی قبول کرے یا نہ کرے۔''

(تتمہ حقیقت الوحی ص ۱۳۶، خزائن ج ۲۲ ص ۵۷۴)

''میری پیش گوئیاں اس قدر نشانوں پر مشتمل ہیں جو دس لاکھ سے زیادہ ہوں گے اور نشان بھی ایسے کھلے کھلے جو اول درجہ کے خارق عادت ہیں۔'' (براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۵۶، خزائن ج ۲۱ ص ۷۲)

ان دعوؤں کے برعکس حقیقت حال مختلف ہے۔ مرزا قادیانی نے خود اپنے متعلق صادق یا کاذب معلوم کرنے کا جو معیار مقرر کیا ہے وہ اس کی پیش گوئیاں ہیں، چناں چہ لکھتا ہے کہ: ''اگر میری سو پیش گوئیوں میں سے ایک بھی جھوٹی نکلی تو میں اقرار کروں گا کہ میں کاذب ہوں۔''

(اربعین نمبر ۴ ص ۲۵، خزائن ج ۱۷، ص ۴۶۱ حاشیہ)

مزید مرزا قادیانی کا یہ اعلان بھی ہے کہ ''ہمارا صدق یا کذب جانچنے کو ہماری پیش گوئی سے بڑھ کر کوئی محک امتحان نہیں'' (آئینہ کمالات اسلام ص ۲۸۸، خزائن ج ۵ ص ایضاً)

اگر مرزا قادیانی کی پیش گوئیوں میں سے ایک بھی جھوٹی ثابت ہو جائے تو یقیناً وہ مرزا قادیانی کے مفتری علی اللہ ہونے کی قطعی دلیل ہے۔ چناں چہ لکھتا ہے: ''کسی انسان کا اپنی پیش گوئی میں جھوٹا نکلنا خود تمام رسوائیوں سے بڑھ کر رسوائی ہے۔'' (تریاق القلوب ص ۱۰۷، خزائن ج ۱۵ ص ۳۸۲)

اب ملاحظہ فرمائیں کہ:

مرزا قادیانی نے جتنی پیش گوئیاں کیں، وہ اکثر وبیش تر غلط ثابت ہوئیں:

- ...... مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنے دشمنوں بالخصوص عبداللہ آتھم، ڈاکٹر عبدالحکیم خان، مولانا ثناء اللہ امرتسری وغیرہ سے متعلق موت کی پیش گوئیاں کیں، لیکن سب بے سود گئیں۔ بلکہ از خود سچے کی زندگی میں ’’اُمه هاویه‘‘ کا مستقر ٹھہرا۔
- ...... مرزا غلام قادیانی نے کہا کہ ’’مجھے مکہ میں موت آئے گی یا مدینہ میں‘‘، لیکن مکہ مدینہ میں موت تو درکنار زندگی بھر ان مقدس مقامات پر جانا بھی نصیب نہیں ہوا۔
- ...... مرزا غلام قادیانی نے اپنی لمبی عمر کے بارے کہا کہ مجھے خدا نے کہا ہے: ’’تیری عمر اسی سال ہوگئی یا چھیاسی‘‘، لیکن مرزا قادیانی کی عمر ستر سال بھی پوری نہ ہوسکی۔
- ...... مرزا قادیانی نے اپنی صداقت کی دلیل کے طور پر آسمانی نشانات کے ظہور کے دعوے کئے، جیسے چاند، سورج گرہن وغیرہ۔ لیکن اہل اسلام نے واضح کیا کہ یہ عمومی فلکیاتی واقعات ہیں جو صدیوں سے رونما ہوتے آرہے ہیں۔
- ...... مرزا غلام قادیانی نے طاعون سے حفاظت کے لئے پیش گوئی کرتے ہوئے کہا کہ ’’قادیان طاعون کی خوف ناک تباہی سے محفوظ رہے گا، کیونکہ خدا نے قادیان کو رسول کا تخت گاہ بنایا ہے‘‘، لیکن اس طاعون سے تو خود اس کا بیٹا مرزا شریف احمد نہیں بچا۔
- ...... مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا کہ: ’’محمدی بیگم نامی خاتون ہر حال میں میرے نکاح میں آئے گی۔‘‘ لیکن لاکھ منت سماجت، تہدید وتخویف اور پیش گوئیوں کے آں جہانی، جہنم مکانی کے عقد میں نہ آسکی۔

## خلاصہ بحث

مرزا غلام احمد قادیانی نے نہ صرف نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا بلکہ متفقہ اسلامی عقائد سے انحراف کرتے ہوئے اپنے جھوٹے الہامات کو اپنی صداقت کے ثبوت کے طور پر بھی پیش کیا۔ تاہم اس کے الہامات میں تضاد، غیر معقولیت اور بعد میں خود ساختہ تبدیلیاں ملتی ہیں، جو کہ استدراج کی واضح مثال ہیں۔ اس کے کئی الہامات بعد میں جھوٹے ثابت ہوئے، جیسے ان کے دشمنوں کے متعلق کی گئی پیش گوئیاں جو پوری نہ ہوسکیں۔ بعض الہامات میں غیر اسلامی اور گستاخانہ الفاظ موجود ہیں۔ قرآن وحدیث کی رو سے نبوت کا دروازہ بھی بند ہے، اس لئے مرزا قادیانی کے دعوے، باطل اور استدراج کے زمرے میں آتے ہیں، نا کہ کسی نشان، معجزہ یا کرامت کے زمرہ میں۔

# قادیانیت سے تائب ہو کر مسلمان ہونے والے اکیس افراد

مولانا محمد ساجد

ضلع خوشاب میں ایک شخص: ۱۹ فروری ۲۰۲۵ کو محترم ''انتصار ورک'' نے مرزا قادیانی پر لعنت بھیج کر محمد عربی ﷺ کی غلامی قبول کرتے ہوئے چوک گروٹ جامع مسجد خاتم النّبیین کے امام وخطیب جناب حافظ نصیر کے ہاتھ پر دین اسلام قبول کرلیا۔ الحمدللہ اس بھائی کے لئے استقامت کی دعا کردیجئے۔

سرگودھا میں چودہ (۱۴) افراد: سرگودھا کے علاقہ چک نمبر ۱۷/جنوبی، چیمہ برادری کے ۱۴/افراد، ۵/مارچ ۲۰۲۵ء کو قادیانیت سے تائب ہو کر مشرف با اسلام ہوگئے۔ نومسلمین مرد وخواتین کے نام یہ ہیں: جناب ماسٹر ثروت چیمہ، زوجہ محترمہ ماسٹر ثروت چیمہ، ابراہیم چیمہ ولد ثروت چیمہ، شامیر چیمہ ولد ثروت چیمہ، بلال احمد چیمہ ولد احسن چیمہ، مسرور چیمہ ولد بلال احمد چیمہ، فاتح چیمہ ولد بلال احمد چیمہ، مبرور ولد بلال احمد چیمہ، مبائل ولد مبارک، زوجہ محترمہ مبائل، وارث وڑائچ ولد مشہود وڑائچ، ضیاء احمد، سکندر ولد ذوالفقار، زوجہ ذوالفقار۔ نومسلمین حضرات نے اقرار کیا کہ ہم نے بغیر کسی دباؤ کے قادیانیوں کے کفریہ عقائد پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کیا۔ مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا اور بندہ محمد خالد عابد مبلغ سرگودہا نے ان سے حلف لیا اور جم غفیر کی موجودگی میں کلمات توبہ پڑھائے۔ جس سے علاقہ بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور نومسلمین کو پھولوں کے ہار پہنا کر ان کی حوصلہ افزائی اور استقامت فی الدین کی دعا کی گئی۔ نومسلمین کو مبارکباد بھی پیش کی گئی۔ اس پر مسرت موقع پر مولانا حیدر علی حیدر اور بھائی علی حسن قریشی پیش پیش رہے۔ (مولانا محمد خالد عابد)

فیصل آباد میں چھ (۶) افراد: مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں کے ہاتھ پر آئے دن قادیانی، مرزا قادیانی کے کفریات سے آگاہی حاصل کرنے کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہورہے ہیں۔ جس کی وجہ سے قادیانیت مسلسل زوال پذیر ہے۔ گزشتہ دنوں محلہ اسلامیہ پارک فیصل آباد کے رہائشی کامران خالد نے اپنے گھرانے کے پانچ افراد کے ہمراہ قبول اسلام کیا۔ اسی طرح الحمدللہ! ۵ مارچ ۲۰۲۵ء کو فاروق ادریس محلہ ائیر ایونیوسٹی جھنگ روڈ فیصل آباد کے رہائشی نوجوان نے جامعہ دارالقرآن فیصل آباد میں مولانا عبدالرشید غازی مبلغ مجلس تحفظ ختم نبوت فیصل آباد کے ہاتھ پر قادیانیت سے اعلان برأت کرتے ہوئے اسلام قبول کرلیا۔ اللہ تعالیٰ اس نوجوان کو استقامت نصیب فرمائے، آمین!

# رحیم یار خان میں قادیانی عبادت گاہ سے شعائر اسلام محفوظ

ادارہ!

مجلس تحفظ ختم نبوت کی جدوجہد رنگ لائی اور رحیم یار خان کے نواحی چک میں پچاس سالہ پرانی قادیانیوں کی عبادت گاہ سے مینار اور دیگر مقدس عبارات کو محفوظ کر لیا گیا۔ چک 20N/P چوک شہباز پور تحصیل صادق آباد میں کافی عرصہ سے قادیانی آباد تھے، انہوں نے وہاں پر شعائر اسلام کی توہین کی۔ آئین پاکستان کو پامال کرتے ہوئے عبادت گاہ کو مسجد کی طرز پر بنایا، جس کے نتیجہ میں وہ وہاں کے سادہ مسلمانوں کو دھوکہ میں ڈال رہے تھے، تو ۱۹ ستمبر بروز منگل ۲۰۲۳ کو مجلس تحفظ ختم نبوت کے حضرات سے مشاورت کر کے وہاں پر ایک بہت بڑی عظیم الشان کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا، جس میں جمعیت علماء اسلام ضلع رحیم یار خان نے خصوصی تعاون کیا۔ بریلویت سے تعلق رکھنے والے علماء کرام خصوصاً چوک شہباز پور کی مشہور شخصیت امجد شاہ اور اسی طرح دیگر جماعتوں نے بھرپور تعاون کیا جس کی برکت سے عظیم الشان کانفرنس کا انعقاد ہوا۔

جس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ حضرت حافظ ناصر الدین خاکوانی، حضرت مولانا اللہ وسایا، مولانا قاضی احسان احمد، علامہ عبدالرؤف ربانی، مولانا قاضی شفیق الرحمن، مولانا صاحبزادہ خلیل الرحمٰن درخواستی، مولانا عامر فاروق عباسی، جناب عرفان محمود برق، مولانا مشتاق صادق آباد، قاری ظفر اقبال شریف، مولانا مفتی محمد راشد مدنی جو اس کانفرنس کے روح رواں تھے، مولانا مفتی محمد سلطان مبلغ، مفتی ابراہیم صادق آبادی، مولانا میاں سہیل احمد دین پور شریف غرضیکہ پوری قیادت اکٹھی ہوئی اور قریہ قریہ بستی آواز لگائی گئی مفتی محمد راشد کی نگرانی میں کچہ تک کے علاقوں میں بیسیوں اجلاسات کیے گئے کہ لوگ اس عظیم کانفرنس میں شرکت کریں۔ پھر عظیم الشان کانفرنس کا دن آ پہنچا عوام الناس نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس میں قادیانیوں کی عیاری و مکاری اور دجل وفریب عوام الناس کو بتایا گیا یہاں سے لوگوں کے دلوں میں قادیانیت کی نفرت بیٹھ گئی اور لوگوں نے بائیکاٹ شروع کر دیا اور اس کی برکت سے وہ چند لوگ جو قادیانیوں سے متاثر ہو چکے تھے دفتر ختم نبوت آ کر مفتی محمد راشد مدنی کے ہاتھ پر قادیانیت پہ لعنت بھیج کر مشرف با اسلام ہوئے۔

اب دوسرا مرحلہ تھا عبادت گاہ کے میناروں اور محراب کا تو عرصہ دو سال سے مفتی راشد مدنی مرکزی راہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، مفتی محمد سلطان ضلعی مبلغ اور بھائی الطاف ان حضرات نے کئی جگہ چھوٹے بڑے بیسیوں کورس کروائے جمعہ کے اجتماعات پہ لوگوں کو بیدار کیا اور خصوصاً چک کے لوگوں کو اس بات پہ آمدہ کیا کہ یہ مینار اور محراب گرائے جائیں۔

پھر انتظامیہ کو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہنما مفتی محمد راشد مدنی نے ایک پوری فائل بطور ثبوت کے دی کہ یہ پاکستان کے مختلف مقامات پے انتظامیہ ان قادیانیوں کی عبادت گاہوں سے شعائر اسلام کو محفوظ کیا ہے اسمیں علامہ عبدالرؤف ربانی امیر جمعیت علماء اسلام رحیم یارخان، قاضی شہر قاضی مفتی شفیق الرحمن امیر عالمی مجلس کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، جو پورے معاملہ میں پیش پیش رہے۔ باالآخر انتظامیہ نے یقین دہانی کروائی کہ اس کو بہت جلد گرادیں گے تو وعدہ وفا کرتے ہوئے انتظامیہ نے ۲۲فروری بروز ہفتہ ۲۰۲۵ رات ساڑھے دس بجے قادیانیت کے کفر میں آہنی میخ ٹھونکتے ہوئے میناروں کو گرادیا تاج وتخت ختم نبوت زندہ باد ایک دفعہ پھر ’’اسلام جیت گیا کفر ہار گیا‘‘ اس پورے معاملہ میں ڈی پی او، رضوان عمر گوندل ضلع رحیم یارخان اور ڈپٹی کمشنر جناب خرم پرویز نے انتہائی ذمہ دارانہ اور مثبت کردار ادا کیا۔جس کے نتیجہ میں ایک دیرینہ مسئلہ جو مذہبی طبقہ میں بے چینی کا سبب بنا ہوا تھا خوش اسلوبی سے اپنے انجام تک پہنچا اور قادیانی فتنہ کی سازش ناکام بن گئی۔ (روزنامہ اسلام ملتان ۲۶فروری ۲۰۲۵ء ص ۶)

## اوچ شریف میں درس قرآن

مجلس تحفظ ختم نبوت تحصیل اوچ شریف کے یونٹ امیر شریعت کے زیر اہتمام ۲۶ جنوری ۲۰۲۵ء کو جامع مسجد ختم نبوت میں درس قرآن بعنوان ختم نبوت ہوا۔جس کے مہمان مولانا جلیل احمد عباسی امیر مجلس تحصیل اوچ شریف تھے۔درس میں کثیر تعداد میں شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔

## اوچ شریف کے اسکولز وکالجز میں تحفظ ختم نبوت سیمینارز

۷رفروری ۱۹۳۵ء کو قادیانیوں کو دائرہ اسلام سے خارج کرنے کے تاریخی فیصلے کی یاد میں ’’یوم الفتح مبین‘‘ کادن پورے جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا۔مجلس تحفظ ختم نبوت تحصیل اوچ شریف کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں میں سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ختم نبوت کے عقیدہ کی حفاظت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔مولانا جلیل احمد عباسی کی نگرانی میں ہونے والی اس آگاہی مہم میں اوچ شریف کے مختلف تعلیمی اداروں، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، کیمرج ہائیر سیکنڈری سکول، سرسید ہائیر سیکنڈری سکول، کامیٹرید ہائیر سیکنڈری سکول، برین ہائیر سیکنڈری سکول، دی نیٹو ہائیر سیکنڈری سکول، الحیدر پبلک سکول، معاذ بن جبل سکول اور دیگر اداروں میں علماء کرام نے عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔خطاب کرنے والے علماء میں مولانا جلیل احمد عباسی، مولانا بابر علی صدیقی، مفتی شبیر الحق، مولانا عبیدالرحمٰن عقیل، اور مولانا نعیم اللہ شاہ شامل تھے۔سیمینارز میں مولانا عطاء اللہ، مفتی بلال شیخ، قاری سمیع اللہ فاروقی، حافظ احمد اعوان، محمد فرقان اور محمد حرمین بھی ہمراہ تھے۔ (قاری سمیع اللہ فاروقی)

# سالانہ ختم نبوت کانفرنس سرائے نورنگ

مولانا محمد ابراہیم ادہمی

مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام سرائے نورنگ ضلع لکی مروت میں ہر سال کی طرح امسال ۱۹ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس پوری شان وشوکت سے منعقد ہوئی، کانفرنس کی تیاری کے لئے ضلعی کمیٹی نے ضلع بھر میں یومیہ کی بنیاد پر ۴۳۰ بڑے چھوٹے پروگرامات منعقد کئے۔ ۱۴فروری کو تمام تر مساجد کے علماء کرام، خطباء عظام اور ائمہ مساجد نے عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر بیانات کر کے کانفرنس میں جوق در جوق شرکت کی اپیل کی۔ ۱۵فروری کو پنڈال کی تیاری کی۔ جامعہ ثمرۃ التربیہ ٹانچی آباد کے اساتذہ وطلباء کرام نے کانفرنس کی کامیابی کے لئے ختم قرآن پاک کیا اور مبلغ مولانا عابد کمال نے خصوصی دعا فرمائی۔

۱۶فروری ۲۰۲۵ء بروز اتوار کو صبح نو بجے قاری محمد مدثر اور قاری ذبیح اللہ ادہمی کی تلاوت قرآن پاک سے کانفرنس کا آغاز ہوا۔ پہلی نشست کی صدارت ضلعی امیر مولانا مفتی عبدالغفار نے فرمائی۔ نقابت مولانا مفتی ضیاء اللہ اور راقم نے کی۔ شفیع اللہ سپرلی خیل، احمد یار مروت، صفدر برکی، حاکم عاجز اور طاہر زمان کی نعتیہ کلام کے بعد مبلغ مولانا عابد کمال، مولانا حسین احمد، مولانا محمد طیب طوفانی، صاحبزادہ آمین اللہ جان، ماسٹر مولانا عمر خان، مولانا بشیر احمد حقانی، مولانا خلیل الرحمٰن، مولانا منظور احمد کنڈی، مولانا برہان الدین، مولا عجب نور، مولانا عبدالمنان، مولانا مفتی احمد منیر اور سنیئر صحافی مولانا منہاج الدین کے بیانات ہوئے۔ پہلی نشست کا آخری بیان مجلس کے مرکزی راہنما خطیب پاکستان مولانا قاضی احسان احمد کا مدینہ منورہ سے بذریعہ واٹس ایپ ریکارڈنگ ہوا، جس میں انہوں نے کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر منتظمین اور شرکاء کو مبارکباد پیش کی۔ پہلی نشست کی اختتامی دعا بزرگ عالم دین مولانا غلام صدیق نے ارشاد فرمائی۔

نماز ظہر کے بعد دوسری نشست کا آغاز ہوا، جس کی صدارت مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر مرکزیہ حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد مدظلہ نے فرمائی۔ حضرت خواجہ صاحب نے دل کے آپریشن کے بعد سرائے نورنگ کی کانفرنس میں باوجود ضعف کے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ضلعی ناظم مولانا مفتی ضیاء اللہ نے قرار دادیں پیش کیں، ضلعی ناظم اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحیم مدظلہ نے ہزاروں شرکاء کانفرنس کی شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ جامع مسجد اڈا نورنگ کے خطیب مولانا عبدالحمید، مولانا احمد شاہ قریشی اور مولانا عبدالحمید کے خطابات کے بعد مجلس کے صوبائی امیر مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی نے اختتامی خطاب فرمایا۔

کانفرنس میں دینی مدارس کے علماء وطلباء، سکول کالج اور یونیورسٹی کے اساتذہ وسٹوڈنٹ، تاجر

برادری، معززین علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات، وکلاء برادری اور کوریج کے لئے سوشل میڈیا، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے بطور خاص شرکت کی۔ سیکورٹی کے فرائض انتظامیہ کے علاوہ مولانا گل فراز شاکر اوران کی ٹیم نے انجام دیئے۔ نائب امیر مرکزیہ صاحبزادہ مولانا خواجہ عزیز احمد مدظلہ کی رقت آمیز دعا سے کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔ کانفرنس کی کامیابی کے لئے ضلع کمیٹی مولانا عبدالغفار، مولانا حسین احمد، مولانا عبدالرحیم، مولانا مفتی ضیاء اللہ، مولانا محمد طیب طوفانی، صاحبزادہ آمین اللہ جان، مولانا ماسٹر عمرخان اورراقم سمیت علماء کرام اور کارکنان ختم نبوت نے بھرپور محنت کی۔

## سالانہ ختم نبوت کانفرنس میں پیش کردہ قراردادیں

۱۹ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس نورنگ میں منظور ہونے والی قراردادیں۔

۱...... ہم حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ یوٹیلٹی سٹورز میں قادیانی کمپنی شیزان کی مصنوعات کی فروخت پر پابندی لگائی جائے اور شیزان مصنوعات یعنی مشروبات، اچار، جیم اور ثمرقند وغیرہ کی ترسیل بند کی جائے۔

۲...... قادیانیوں کی سہولت کاری بند کر کے ان کو پاکستان کے آئین وقانون کا پابند کیا جائے۔

۳...... قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے برطرف کیا جائے۔

۴...... مسلم ٹی وی ون اورٹو سمیت تمام قادیانی چینلز اخبارات وجرائد کو فوری طور پر بند کیا جائے، یہ اجتماع عوام الناس سے مطالبہ کرتا ہے کہ قادیانی مصنوعات (ذائقہ بناسپتی، شاہ تاج چینی، پنجاب آئل ملز، راجہ سوپ، کیوریٹو میڈیسن، یونیورسل سٹیبلائزر) سمیت تمام قادیانی اداروں کا بائیکاٹ کیا جائے۔

۵...... ہم صوبہ خیبر پختون خواہ حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ پشتو کے نصاب میں پیر روشان (پیر روخان) بایزید انصاری کے نام سے مضمون شامل کیا ہے اس شخص نے بھی نبوت کا جھوٹا دعوی کیا تھا اس مضمون کو فی الفور پشتو نصاب سے نکالا جائے اور خیبر پختون خواہ ٹیکسٹ بورڈ پشاور اس مضمون کی جگہ انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرامؓ اور بزرگان دین کے مضامین شامل کرے۔

۶...... یہ اجتماع ۲۶ویں آئینی ترمیم میں سودی نظام کے خاتمہ، دینی مدارس تحفظ بل، وقف بورڈ، اسلامی نظریاتی کونسل اور خاص کر ناموس رسالت ﷺ کے قوانین کی تحفظ کرنے پر قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اوران کو خراج تحسین پیش کرتے ہے۔

۷...... یہ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ بدامنی کے خاتمے اور امن وامان قائم کرنے کے لئے معززین علاقہ اور علماء کرام سے مل کر ٹھوس اقدامات کریں۔

۸...... یہ اجتماع لکی مروت کے بزرگ، دارلعلوم دیوبند کے فیض یافتہ، پیر طریقت شیخ الحدیث حضرت مولانا سیف اللہ جانؒ سمیت تمام مرحومین کے لئے دعاگو ہے کہ اللہ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

# تبصرہ کتب

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے ...... مبصر: مولانا عتیق الرحمٰن

**نام کتاب: تجلیات قرآن مجید: خطبات مولانا منیر احمد معاویہ: صفحات ۲۸۸: ناشر و ملنے کا پتہ: جامعہ عثمانیہ اڈہ تلونڈی تحصیل چونیاں ضلع قصور: رابطہ نمبر 0331.0300658153**

قرآن مجید کے فضائل و برکات، اعجاز، اہمیت و منقبت پر مولانا منیر احمد معاویہ کے درجن بھر خطبات کو اس کتاب میں جمع کیا گیا۔ خطیب حضرات کے لئے اس عنوان پر گراں قدر تحفہ ہے۔ مولانا منیر احمد معاویہ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ ان کے افادات کی اس نشر و اشاعت نے ایک ماحول بنا دیا ہے۔ حق تعالیٰ مزید برکات سے وافر حصہ نصیب فرمائیں۔

**نام کتاب: مسجد اقصیٰ (تعارف، تاریخ، فضائل، درپیش خطرات)**، تالیف: مولانا محمد اسلم معاویہ، صفحات: ۱۷۶، قیمت درج نہیں، ناشر و ملنے کا پتہ: جامعہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (جامع مسجد الحبیب) چاہ ملک والا ڈیرہ اسماعیل خان۔

ڈیرہ اسماعیل خان کے معروف درویش صفت عالم دین مولانا محمد اسلم معاویہ نے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ اسرائیل اور حماس کی (۲۰۲۴ء، ۲۰۲۵ء) حالیہ خونریز جنگ اسرائیل کی بربریت ظلم و ستم سے کمینگی کا جو نیا باب سامنے آیا ہے وہ بنی آدم کے لئے سوہان روح ہے۔ اس ظلم و بربریت پر آسمان سے آگ برسی اور لاس اینجلس خاکستر ہوا۔ اس کے باوجود بھی اسرائیل کا سب سے بڑا حامی اور غزہ و فلسطین کا سب سے بڑا قاتل امریکہ یا اس کی ذریت نہ سمجھے تو پھر ان کو خدا ہی سمجھائے۔ مولانا محمد اسلم معاویہ نے ان حالات کے تناظر میں بروقت قدم اٹھایا اور یہ کتاب مرتب کر دی۔ اس علاقہ اور اس کے محل وقوع کے تعارف اور اس قضیہ کے تناظر میں اتنی معلومات کا ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ یہ محنت قابل رشک بھی ہے اور لائق تحسین بھی۔ حق تعالیٰ مولانا محمد اسلم معاویہ کو بہت جزائے خیر دیں کہ انہوں نے بہت ہی قابل اطمینان ذخیرہ معلومات جمع کر دیا ہے۔ اہل علم ضرور اس کی طرف مراجعت فرمائیں گے۔

۱...... **نام کتاب: رفیق حج و عمرہ: مؤلف: پروفیسر حافظ عبدالشکور: صفحات: ۳۰۷، قیمت درج نہیں، ملنے کا پتہ: عارف برادرز سینیٹری سٹور تلہ گنگ روڈ چکوال: رابطہ نمبر 0333-5902274**

جناب پروفیسر حافظ عبدالشکور سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج

چکوال۔ یہ کتاب حج وعمرہ کے جملہ مسائل مردوں کے ہوں یا خواتین کے سب کا احاطہ کر دیا گیا ہے۔ عام فہم اور ترتیب سے مسائل حج وعمرہ کی تیاری کر کے احرام باندھنے سے واپس گھر لوٹنے تک کی تمام صحیح رہنمائی اس کتاب میں موجود ہے۔ اس کتاب کے ہمراہ ہونے سے باقی اور کسی کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ مصنف نے بھرپور محنت سے مرتب کی اور کامیابی سے ہمکنار ہوئے ہیں۔

۲...... نام کتاب: **خواتین حج کیسے کریں**: مرتب: پروفیسر حافظ عبدالشکور: صفحات: ۱۱۲: قیمت درج نہیں، ملنے کا پتہ کی تفصیلات مندرجہ بالا ہیں۔

اس کتاب میں خواتین کے حوالہ سے حج کے مسائل کی رہنمائی کی گئی ہے اور کوئی ضروری مسئلہ رہنے نہیں دیا گیا۔ مکمل رہنمائی خواتین کے حج کرنے کی حامل یہ کتاب تمام خوبیوں کی جامع ہے۔

۳...... نام کتاب: **خواتین عمرہ کیسے کریں**: صفحات: ۶۴، قیمت درج نہیں۔

یہ بھی پروفیسر عبدالشکور کی مرتب کردہ ہے۔ انہی خصوصیات اور تعارف کی حامل ہے۔

۴...... نام کتاب: **احکام ومسائل عمرہ**، مصنف: پروفیسر حافظ عبدالشکور، صفحات: ۱۲۶

پروفیسر حافظ عبدالشکور نے معتمرین حضرات کے لئے مختصر مگر جامع کامیاب سعی سے مشکور فرمایا ہے۔ معتمرین عمرہ وادائیگی کے لئے مکمل رہنمائی لے سکتے ہیں۔

۵...... نام کتاب: **حج وزیارت کی لاج رکھئے**، مؤلف: پروفیسر حافظ عبدالشکور، صفحات: ۲۰، قیمت درج نہیں۔

پروفیسر عبدالشکور نے حج وعمرہ کے بعد حاجی صاحب اور معتمرین حضرات کو کیسے زندگی گزارنی چاہئے؟ اس کی رہنمائی فرمائی ہے۔ مختصر مگر پراثر عام فہم کامیاب کاوش ہے۔

اصلی کتاب نمبر ایک ہے۔ باقی تین اس سے ماخوذ سمجھیں کہ انہیں علیحدہ علیحدہ حصے کر دیئے تاکہ جس کو جو سفر درپیش ہو وہی کتابچہ رہنمائی کے لئے ساتھ لے لے۔ یہ کمال ہمدردی اور خیر خواہی کی دلیل ہے۔

نام کتاب: **سرمایہ عشاق**، مؤلف: پروفیسر حافظ عبدالشکور، صفحات: ۴۸، قیمت درج نہیں۔

جناب پروفیسر عبدالشکور نے اس کتابچہ میں حرمین شریفین سے عشق ومحبت میں ڈوبی ہوئی ۲۹ نعتوں کو یکجاء کر دیا ہے۔ مختلف نامور شعراء کا کلام اس عنوان سے متعلق بہت عمدہ انتخاب ہے۔ سب سے پہلی نظم سید نفیس الحسینی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہے اور سب سے آخری جناب سید حالی کی۔ باقی کو اوّل وآخر پر قیاس کر لیں تو اس انتخاب کی بابت جھوم اٹھیں۔ حرف آغاز وتقریظ علاوہ ازیں ہیں۔

# جماعتی سرگرمیاں

مولانا محمد وسیم اسلم

## ختم نبوت پروجیکٹر کورسز ضلع میانوالی

